Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | بدھ 07 اکتوبر 2026ء 24 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 196

شمالی وزیرستان میں فورسز کی کارروائی 5 فتنہ الخوارج ہلاک 2 زخمی

سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا، کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

سیکیورٹی فورسز کی برروقت اور موثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، آصف زرداری، شہباز شریف



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سرمائی توانائی کی منصوبہ بندی متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان / اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے خفیہ اطلاعات پر کارروائی میں 5 خارجی دہشت گرد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کی برروقت اور موثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سیکیورٹی فورسز کے صلاح فورسز نے شمالی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

معاشی ترقی کیلئے نجی شعبے کے کردار کو مزید موثر بنانا ہوگا، وزیر خزانہ

عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی آگے بڑھانا ہوگی، معاشی استحکام بنیادی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی، مقامی سرمایہ کار فعال ہونگے تو بیرونی سرمایہ کاری آئیگی، کانفرنس سے خطاب

کراچی (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کے کردار کو مزید موثر بنانا ہوگا۔ پالیسیاں ہوں یا عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی آگے بڑھانا ہوگی، وفاقی و صوبائی حکومتوں کے تحت "پاکستان کے پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری فیئر و کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کے کردار کو مزید موثر بنانا ہوگا۔ پالیسیاں ہوں یا عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی آگے بڑھانا ہوگی، وفاقی و صوبائی حکومتوں کے تحت "پاکستان کے پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری آئیگی۔ سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی ہے، حکومت مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام پالیسی آگے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اڈیالہ جیل میں لوڈ شیڈنگ؛ عدم پیشی پر ایمان مزاری اور شوہر کے خلاف فرد جرم ٹل گئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث عدم پیشی پر ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف فرد جرم عمل نہ ہو سکی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ظاہر عباس سپرا نے ملزمان کے خلاف انڈیکٹمنٹ کورٹ ایمپ کی آمد پر روسٹ توڑنے اور لوگوں میں اشتعال پیدا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسحاق ڈار کا ایران مذاکرات کیلئے پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے، انتونیو گوتریس سے ملاقات

فلسطینیوں کے حق خودارادیت کے بغیر پائیدار امن ممکن نہیں، تنازعات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری سے ہی ممکن ہے

کشمیر سمیت دیگر تنازعات کے حل کیلئے سفارت کاری کو مؤثر ترین ذریعہ قرار دیا جائے، اسحاق ڈار کی مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس کے درمیان دفتر خارجہ اسلام آباد میں ملاقات ہوئی جس میں فلسطین، لبنان و کشمیر، افغانستان، امریکہ ایران مذاکرات، انسداد دہشت گردی، علاقائی و عالمی امن و سلامتی اور کثیر الجہتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



کراچی، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب "SDGs سرمایہ کاری میلہ 2026ء سے خطاب کر رہے ہیں

پہلی بار دیکھا کہ وزیراعلیٰ تحریک چلا رہا ہے، زاہد خان

امن و امان کی صورت حال انتہائی ابتر اور کرپشن کا بازار گرم ہے، لیگی رہنما کا گلہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما زاہد خان نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک قیدی کی رہائی کے لیے اسلام آباد پر چڑھائی کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے سب زیادہ متاثر خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورت حال انتہائی ابتر اور کرپشن کا بازار گرم ہے۔ زاہد خان نے کہا کہ احتجاج کے لیے سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا جا رہا ہے، پہلی بار دیکھا کہ وزیراعلیٰ تحریک چلا رہا ہے۔ (ن) لیگی رہنما نے کہا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈی آئی خان، فائرنگ کے 2 واقعات میں 5 اہلکار شہید

شہید ہونے والوں میں 2 ایف بی آر کے منتقل ملازم جبکہ 2 کنٹریکٹ ملازم تھے

ڈیرہ اسماعیل خان (خصوصی رپورٹ) ڈیرہ اسماعیل خان میں چند گھنٹوں کے دوران فائرنگ کے 2 خوفناک واقعات میں 5 اہلکار شہید ہو گئے۔ ڈی پی او ضیاالدین احمد نے بتایا کہ ایف بی آر کے 4 اہلکاروں اور ٹریفک پولیس اہلکار کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا گیا۔ ڈی پی او نے کہا کہ ابھی بابل کے قریب مسلح افراد نے ایف بی آر کے اہلکاروں کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایف بی آر کے 4 اہلکار شہید ہو گئے۔ ڈی پی او کے مطابق شہید ہونے والے اہلکاروں میں 2 ایف بی آر کے منتقل ملازم جبکہ 2 کنٹریکٹ ملازم تھے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائیں گے

ملاقاتوں میں معاشی صورتحال اور اہم اہداف پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان جاری مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائیں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق مذاکرات کے دوران معاشی صورتحال اور اہم اہداف پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے انجمن کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے مقررہ اہداف حاصل کیے جانے کو بھی خوش آئند قرار دیا گیا، وزارت خزانہ کے ذرائع نے بتایا کہ ٹیکس آمدن کا ہدف حاصل ہونے کے باعث رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں اہم معاشی کامیابیاں حاصل ہوئیں، مذاکرات کے دوران رواں سال کے اختتام پر کسانوں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



ریاض، KSA: نائب وزیراعظم/ وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ملکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی (SPDC) کے ہنگامی اجلاس کے گروپ فوٹو میں

بلوچستان میں اے این ایف کا خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ

کروڑوں روپے مالیت کی 3825 کلوگرام منشیات برآمد

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) اے این ایف نے بلوچستان (پنجگور) میں خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ مار کر بیرون ملک اسمگل کی جانے والی کروڑوں روپے مالیت کی 3825 کلوگرام منشیات برآمد کرلی۔ اے این ایف کے ترجمان نے بتایا کہ کمپاؤنڈ کو مبینہ طور پر منشیات کی پیداوار کی غرض سے مارفین طور پر ذخیرہ کرنے کے لئے استعمال کیا جا رہا تھا۔ کارروائی کے دوران برآمد ہونے والی منشیات میں 2454 کلوگرام پوڈر، 1363 کلوگرام میتھوڈون اور 8 کلوگرام مارفین (آئس) اور 8 کلوگرام ہیروئن شامل ہے، منشیات کی مجموعی مالیت 56 کروڑ روپے سے زائد بتائی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق منشیات افغانستان سے پاکستان اسمگل کی جاتی تھی، جو مختلف اضلاع سے ہوتے ہوئے بیرون ملک اسمگل کی جانی تھیں۔ منشیات قبضے میں لے کر اس سے منسلک اسمگلنگ نیٹ ورک اور سہولت کاروں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے۔ گرفتاریوں کیلئے چھاپے جاری ہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

دکی سے اغوا 12 مزدوروں میں سے ایک پنجابی محنت کش قتل

مزدور کی لاش ان کے آبائی علاقے رحیم یار خان بھجوا دی گئی، دکی پولیس

دکی (خصوصی رپورٹ) بلوچستان کے ضلع دکی سے اغوا ہونے والے 12 مزدوروں میں سے ایک کو دہشت گردوں نے قتل کر دیا ہے۔ دہلوانی تشریاتی ادارے کے مطابق دکی میں پولیس حکام نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ہلاک ہونے والے مزدور شاہد کا تعلق پنجاب کے ضلع رحیم یار خان سے تھا۔ دکی پولیس حکام کے مطابق قانونی کارروائی کے بعد مارے جانے والے مزدور کی لاش ان کے آبائی علاقے رحیم یار خان بھجوا دی گئی۔ ہلاک ہونے والے مزدور سمیت 12 مزدوروں کو 25 ستمبر کی شب نامعلوم مسلح افراد نے ایک تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملے کے بعد اغوا کیا تھا، ان میں سے 10 مزدور چھوٹ گئے۔ دکی پولیس کے ایس ایچ او نے بتایا کہ چھوٹ جانے والے مزدوروں نے بتایا کہ انہیں اغوا کے بعد ایک پہاڑی علاقے میں رکھا گیا تھا۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ سیمی فائنلز میچز کا شاندار سلسلہ جاری

کوئٹہ کینٹ میں بلوچستان یونیورسٹی اور بولان میڈیکل کالج کے درمیان کھیلا گیا

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ سیمی فائنلز میچز کا شاندار سلسلہ جاری ہے۔ یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ کا پہلا سیمی فائنل میچ 16 اکتوبر 2026 کو چاغی اسٹیڈیم کوئٹہ کینٹ میں بلوچستان یونیورسٹی اور بولان میڈیکل کالج کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان کی ٹیم نے 164 رنز سے کامیابی اپنے نام کی اور فائنل میچ کے لئے کوالیفائی کر لیا۔ مزید خبریں چیمپئن ٹرافی کی جاب۔



اوورہیڈ برجز پر ایمرجنسی پیسنگ بٹنز اور کیمروں کی تنصیب کا آغاز

خواتین اور طالبات ہر اسانی یا ہنگامی صورتحال میں فوری مدد حاصل کر سکیں گی

لاہور (خصوصی رپورٹ) سینیٹ سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہائر ایجوکیشن کے چیئرمین سینیٹر دیا تمان سیف سٹیز کے مطالبے پر لاہور کے مختلف اوورہیڈ برجز پر ایمرجنسی پیسنگ بٹنز اور کیمروں کی تنصیب کا آغاز کر دیا۔ سینیٹر دیا تمان سیف سٹیز اتھارٹی نے اوورہیڈ برجز پر ایمرجنسی پیسنگ بٹنز نصب کیے گئے ہیں، جبکہ دوسرے مرحلے میں ویمن یونیورسٹی اور کینٹ ڈگری کالج کے اوورہیڈ برجز پر ایمرجنسی پیسنگ بٹنز نصب کیے جائیں گے۔ اس اہم اور حساس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مکہ دفاعی اتحاد سعودی عرب میں فوجی دستے فوری تعینات کرنے کا فیصلہ

اجتماعی دفاع کے معاہدے پر فوری عملدرآمد کا اعلان، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو مکہ الائنس کا پہلا سیکرٹری جنرل مقرر

حملوں کی مذمت، الائنس کے تحت ملٹری انٹیگریشن اور مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو فی الفور فعال کیا جائے گا، اعلامیہ جاری

ریاض (صباح نیوز) مکہ دفاعی اتحاد کے ہنگامی اجلاس میں مکہ اور مدینہ مملکت سعودی عرب کے دیگر شہروں کو نشانہ بنانے کی کوششوں کی شدید مذمت کی گئی اور سعودی عرب میں فوجی دستے فوری تعینات کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے اجتماعی دفاع کے معاہدے پر فوری عملدرآمد کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اتحادی ممالک میں سے کسی ایک ملک کی سیکورٹی پر حملہ سب کی مشترکہ سیکورٹی پر حملہ تصور ہوگا۔ پاکستان کے سابق لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو مکہ الائنس کا پہلا سیکرٹری جنرل مقرر کر دیا گیا ہے، وہ 3 سالہ مدت کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے جبکہ اتحادی ممالک نے ان کے لیے نیک خواہشات اور مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ الائنس کے تحت ملٹری انٹیگریشن اور مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو فی الفور فعال کیا جائے گا، پاکستان (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، رانا ثناءاللہ کے ساتھ مکہ مکرمہ کی انتظامی کمیٹی کے پہلے اعلیٰ سطحی اجلاس کی شریک صدارت کر رہے ہیں

حکومت مالیاتی نظم وضبط پر توجہ دے رہی ہے

معاشی استحکام بنیادی ضرورت، برآمدات میں اضافہ ترجیح ہے، محمد اورنگزیب

پائیدار معاشی نمو کیلئے حکومت اور نجی شعبے کو مل کر کام کرنا ہوگا، وزیر خزانہ

کراچی (خصوصی رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ و سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے ساتھ برآمدات میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، حکومت مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے۔ نجی بینک ایس ڈی جیز انویسٹمنٹ فیئر سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی ہے، ملک کو ایسی معاشی نمو درکار ہے جو ذمہ دارانہ اور پائیدار ہو۔ عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی کو آگے بڑھانا ہوگا، انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں کمی کچھ معاشی پالیسی کے مثبت اثرات سامنے آرہے ہیں اور معاشی استحکام بنیادی ضرورت ہے۔ سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کیلئے حکومت اور نجی شعبے کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ مقامی سرمایہ کار فعال ہوں گے تو بیرونی سرمایہ کاری بھی آئے گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستانی کاروباری گروپس اب مل کر کنسورشیم بنا کر کام کر رہے ہیں۔ گزشتہ تین ماہ کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کی دفتر خارجہ آمد پر پرتپاک خیر مقدم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کا دفتر خارجہ آمد پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دفتر خارجہ پہنچنے پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ان کا تہہ دل سے استقبال کیا۔ انہوں نے استقبال کنندہ موجود وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام کا سیکرٹری جنرل سے تعارف کرایا۔ قبل ازیں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش منگل کو تین روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام عملی منصوبہ ہے، تختیوں کی سیاست نہیں، عظمیٰ بخاری

اگر یہ صرف تحریک انصاف کے دور میں بننے والے گھر تھے تو پھر 2 لاکھ 14 ہزار 302 بلاسود قرضے کس نے جاری کیے؟

278 ارب 46 کروڑ بلاسود قرضوں کی رقم کس نے فراہم کی اور ایک لاکھ 20 ہزار 753 گھر مکمل کیسے ہوئے؟ ردعمل

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے تحریک انصاف کے مینہ پروپیگنڈے کا جواب دیتے ہوئے پنجاب حکومت کے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کے تحت گھر حاصل کرنے والے خاندانوں کی لائیو ویڈیو سامنے لے آئیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بہت جہالت دکھائی، اب ذرا حقیقت بھی جان لیں، یہ وہ خاندان ہیں جن کے سامنے کبھی سیاسی جماعت کی تختی نہیں بلکہ ایک عام پاکستانی خاندان کا خواب حقیقت بن کر کھڑا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے سوال اٹھایا کہ اگر یہ صرف تحریک انصاف کے دور میں بننے والے گھر تھے تو پھر 2 لاکھ 14 ہزار 302 بلاسود قرضے کس نے جاری کیے؟ 278 ارب 46 کروڑ روپے سے زائد بلاسود قرضوں کی رقم کس نے فراہم کی اور ایک لاکھ 20 ہزار 753 گھر مکمل کیسے ہوئے؟ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ 60 ہزار 464 گھر آج بھی تعمیر کے مرحلے میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)



اسلام آباد: سری لنکن کرکٹ ٹیم کی موجودگی کے باعث سرینا ہوٹل جانے والے راستے کو رکاوٹیں لگا کر عام ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا ہے

9 مئی کیسز، علیمہ خان اور کئی خانم اور دیگر کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (خصوصی رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی ہنگامہ آرائی کیسز میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان اور کئی خانم سمیت دیگر کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، جس پر عدالت نے پراسیکیوشن سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ اے ٹی سی کے جج منتظر علی نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے ریکارڈ طلب کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر وکلا کو بھی دلائل کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بلوچستان کیساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی، سینیٹر محمد عبدالقادر

سوبے بھر میں فنکشنل ہائی وے کے منصوبے فنڈز کی کمی سے سست روی کا شکار

آٹھ سے دس سال کی تاخیر سے لاگت اور عوام کی مشکلات بڑھ رہی ہیں، بیان

کوئٹہ (خصوصی رپورٹ) سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان میں قومی شاہراہوں کے بڑی منصوبوں کے لیے مالی فنڈز کی فراہمی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ وفاقی حکومت، وزارت منصوبہ بندی اور فنکشنل پانی دے اتھارٹی سوبے کے بڑوں سے زیر التوا منصوبوں کی تکمیل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کوئٹہ شاہراہ کے لیے فنڈز کی فراہمی کے علاوہ بلوچستان بھر میں قومی شاہراہوں کے دیگر جاری منصوبوں کو ان کی ضروریات کے مطابق میں انتہائی معمولی رقوم دی جا رہی ہیں۔ متعدد منصوبوں کو برسہا برس سے تکمیل کے لیے درکار باقی رقم کا بس نہیں ہیں جبکہ دوسرے مرحلے میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

IMF پیٹرولیم سبسڈی سکیم جاری رکھنے پر رضامند، صارف نہ بڑھانے کا مطالبہ

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری، ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع

آٹو پالیسی میں ای ویز کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا بھی مطالبہ، رواں ہفتے اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پٹرولیم سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہو گیا تاہم یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائے جائیں، میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہے۔ پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف مشن نے ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع کر دیا، آئی ایم ایف مشن کے ساتھ وزارت پٹرولیم اور پاور ڈویژن کے مذاکرات میں فنڈ نے صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سوبہ سندھ نے مرکزی شوگر پالیسی کو سوبائی خودمختاری میں مداخلت قرار دیا ہے، ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق سندھ کے اختلاف کی وجہ سے شوگر پالیسی نافذ نہیں ہو سکی۔ آئی ایم ایف مشن کی وزارت خزانہ کے حکام کے ساتھ آج پھر ملاقات ہوگی، آئی ایم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



پیئرز مین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پی یو آئی سی (PUIC) کے اختتامی اجلاس میں شریک ہیں

پاکستان کیلئے 900 ارب کی صدارت ویژن کو عمل میں بدلنے کا موقع ہے، سردار مسعود

ایس سی او سربراہ اجلاس اقتصادی وسلامتی تعاون کو مزید گہرا، بدلتے عالمی نظام کی عکاسی کے لیے پلیٹ فارم ثابت ہوسکتا ہے

ڈیجیٹل تجارت، ٹرانزٹ کوریڈورز، انفراسٹرکچر کی ترقی، مصنوعی ذہانت پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے

اسلام آباد (خبرنگار) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے پاکستان کے لئے 2027 میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی صدارت پر بیٹھا میں رابطہ کاری، تجارت، اقتصادی تعاون اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے اہم موقع فراہم کرے گی۔ انٹی ٹیرٹ آف ہیں ایڈیٹ ڈپلومیٹک انڈیج کے زیر اہتمام پوسٹ بلیٹک ایس سی او سمٹ 2026، چیلنجز اور پاکستان کی صدارت کے موضوع پر وبیوار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس ایس سی او سربراہ اجلاس کی تیاری اور تنظیم کے مرکزی موضوع اور وژن کو عملی اقدامات میں بدلنے کے لیے ایک سال سے بھی کم عرصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے تحمہر کے اواخر میں ایس سی او کونسل آف چیفس کو آرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس منعقد کر کے کثیر الجہتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



ریاض، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے نمائندے مکہ دفاعی اتحاد کے اجلاس میں شریک ہیں

EDITORIAL PAGE

اداریتی صفحہ

** کالا قانون اور قائداعظم ***

تحریر: ملک ذیشان ڈیڑہ



رولٹ ایکٹ 1919 اور قائداعظم کا اصولی موقف برصغیر کی سیاسی تاریخ کا وہ باب ہے جو آج بھی آئین، قانون اور شہری آزادی کے مباحث میں زندہ ہے۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران برطانوی حکومت نے ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ 1915 کے تحت غیر معمولی اختیارات حاصل کیے تھے۔ جنگ ختم ہونے کے بعد حکومت ان اختیارات کو مستقل بنانا چاہتی تھی۔ اس مقصد کے لیے جسٹس سڈنی رولٹ کی سربراہی میں کمیٹی بنی، جس کی سفارشات پر رولٹ ایکٹ، جسے سرکاری طور پر Anarchical and Revolutionary Crimes Act 1919 کہا گیا، امپیریل لیجسلیٹو کونسل میں پیش کیا گیا۔ اس قانون کی شخصی انتہائی سخت تھیں: مشتبہ شخص کو بغیر وارنٹ گرفتار کیا جا سکتا تھا۔ دو سال تک بغیر مقدمہ نظر بند رکھا جا سکتا تھا۔ پریس کی آزادی پر پابندی، اور تیز رفتار ٹرائل کا انتظام تھا۔ اپیل کا حق محدود کر دیا گیا تھا۔ ہندوستان بھر میں اسے ”کالا قانون“ کہا گیا۔ محمد علی جناح اس وقت امپیریل لیجسلیٹو کونسل کے ممبر تھے اور بمبئی سے منتخب ہو کر آئے تھے۔ وہ آئینی جدوجہد پر یقین رکھتے تھے اور برطانوی انصاف کے دعوے کو اسی کے ایوان میں چیلنج کرنا چاہتے تھے۔ اور مارچ 1919 کو جب رولٹ بل پر بحث ہوئی تو جناح نے اس کی سخت مخالفت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون بنیادی انسانی حقوق اور برطانوی آئینی روایات کے خلاف ہے۔ ان کے الفاظ آج بھی تاریخ میں محفوظ ہیں کہ ”ایسا قانون جو شہری آزادی کا سلب کرے، کبھی مہذب حکومت کو زیب نہیں دیتا۔“ جب حکومت نے تمام مخالفت کے باوجود بل منظور کرا لیا تو جناح نے احتجاجاً کونسل سے استعفیٰ دے دیا۔ 28 مارچ 1919 کو وائسرائے لارڈ چیلمسفورڈ کو لکھے گئے اپنے تاریخی استعفیٰ میں انہوں نے لکھا: ”میں نے ہمیشہ آئینی جدوجہد کی حمایت کی ہے، لیکن جب حکومت خود آئین کی روح کو پامال کرے تو اس کونسل میں بیٹھنا بے معنی ہے۔“ یہ استعفیٰ محض ایک نشست چھوڑنا نہیں تھا بلکہ برطانوی حکومت پر عدم اعتماد کا اعلان تھا۔ جناح کے استعفے نے دو بڑے اثرات مرتب کیے: پہلا یہ کہ مسلم اور ہندو سیاست میں قربت بڑھی، کیونکہ رولٹ ایکٹ کے خلاف گاندھی کی تحریک اور جناح کا آئینی احتجاج ایک ہی موقف کی دو شکلیں تھیں۔ اور دوسرا کہ جناح کی شہرت ایک اصولی اور بے خوف آئینی وکیل کے طور پر مستحکم ہوئی، جو بعد میں تحریک پاکستان کی قیادت کی بنیاد بنی۔ رولٹ ایکٹ کے خلاف ملک گیر ہڑتالوں نے جلیانوالہ باغ کے سانحے کی راہ ہموار کی، لیکن جناح نے تشدد کے بجائے ہمیشہ قانون اور دلیل کا راستہ اپنایا۔ رولٹ ایکٹ ہمیں بتاتا ہے کہ قومی سلامتی کے نام پر شہری آزادی قربان کرنا وقتی طور پر حکومت کو طاقت تو دے سکتا ہے، مگر عوام کا اعتماد ختم کر دیتا ہے۔ قائداعظم نے یہ سکھایا کہ اختلاف کا بہترین طریقہ ایوان میں دلیل، اور جب دلیل سنی جائے تو وقار کے ساتھ احتجاج ہے۔ جناح کا 1919 کا موقف ایک سوال ہے: کیا قانون انصاف کو مضبوط کر رہا ہے یا خوف کو؟

صدارتی نظام وقت کی ضرورت؟



پاکستان کا مسئلہ صرف حکومت بنانے کا نہیں، حکومت چلانے کا بھی ہے۔ ہمارے ہاں حکومت بنتی ہے تو مبارک بادوں کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، پھر اتحادیوں کو منانے، ناراضوں کو راضی کرنے اور صدی انکوبیٹر برقرار رکھنے میں اتنی توانائی صرف ہو جاتی ہے کہ عوامی مسائل کہیں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے حکومت ملک چلانے سے پہلے اپنے اقتدار کا انشورنس طے کرنے میں مصروف ہو۔ یہی وہ بنیادی کمزوری ہے جسے واضح کر دیا ہے کہ پاکستان کا ایسے نظام حکمرانی کی ضرورت ہے جو فیصلہ سازی میں تسلسل اور تیزی لائے۔ ایسا نظام جو ہر بار سیاسی جوڑ توڑ کے بجائے اپنی پالیسیوں پر توجہ دینے کا موقع مہیا کرے۔ معیشت، صنعت، توانائی، تعلیم اور انفراسٹرکچر جیسے شعبوں میں نتائج فوری نہیں آتے؛ ان کے لیے مستقل پالیسی اور لمبی برسوں کی محنت درکار ہوتی ہے۔ حکومتوں کے ساتھ وزراء کی ایک فوج ظفر موج بھی آتی ہے، جس کا بوجھ بھی عوام کو ہی اٹھانا پڑتا ہے۔ اسی تناظر میں صدارتی نظام ایک بہتر متبادل کے طور پر سامنے آتا ہے۔ صدارتی نظام کی بنیادی خوبی براہ راست عوامی مینڈیٹ ہے۔ عوام جس قیادت کو منتخب کریں، اسے اپنی کارکردگی کی ذمہ داری بھی قبول کرنا پڑے۔ اس طرح اقتدار اور جواب دہی کے درمیان فاصلہ کم ہوتا ہے اور حکومت کا پارلیامانی جوڑ توڑ کے بجائے اپنی پالیسیوں پر توجہ دینے کا موقع ملتا ہے۔ صدارتی نظام میں وفاقی کابینہ پارلیمنٹ کے بجائے صدر کی ٹیم ہوتی ہے، جس میں صدر آئین کے تابع ہو، پارلیمان مؤثر نگرانی کرے، عدلیہ آزاد ہو، انتخابات شفاف ہوں اور الیکشن کمیشن خود مختار ہو۔ صوبائی خودمختاری اور بلدیاتی اداروں کی مضبوطی بھی ضروری ہے تاکہ اقتدار مرکز تک محدود نہ رہے۔ اصل کامیابی نظام کے نام سے نہیں بلکہ آئینی حدود، جوابدہ اداروں اور عوامی شعور سے جڑی ہوتی ہے۔ اگر صدارتی نظام کو اپنایا جائے تو اسے صرف اقتدار کی تقسیم نہیں بلکہ ذمہ داری کے ایک مضبوط نظام کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

”چھوٹے برآمد کنندگان کے لیے بڑا تحفظ“



(تحریر: احسن انصاری)

پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے برآمد کنندگان (SMEs) طویل عرصے سے ایک مشکل صورتحال کا سامنا کرتے رہے ہیں۔ جب بھی کسی ملک یا غیر معروف غیر ملکی خریدار سے آرڈر موصول ہوتا ہے تو ان کے سامنے دو راستے ہوتے ہیں یا تو خطرہ مول لے کر آرڈر قبول کریں یا ممکنہ نقصان کے خوف سے اسے مسترد کر دیں۔ اب ایک نئی حکومتی کاوش اس مسئلے کا عملی حل فراہم کرنے کی جانب بڑھ رہی ہے۔

وزارت خزانہ کے تحت کام کرنے والے ایکسپورٹ ایمپورٹ بینک آف پاکستان (Pak EXIM) اور وزارت تجارت کے تحت قائم ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ فنڈ (EDF) نے برآمدی کریڈٹ انشورنس کے ایک جامع فریم ورک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے برآمد کنندگان کے لیے ایک مشترکہ ”ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس رسک شیئرنگ پول“ قائم کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد پاکستانی برآمد کنندگان کو خریدار ملکی خریداروں کی جانب سے ادائیگی نہ ہونے کے خطرے سے تحفظ فراہم کرنا ہے، خواہ اس کی وجہ تجارتی مسائل ہوں یا سیاسی حالات۔

عالمی تجارت میں سب سے بڑا خدشہ یہی ہوتا ہے کہ سامان برآمد کرنے کے بعد خریدار ادائیگی نہ کرے۔ یہ خطرہ اوپن اکاؤنٹ، ٹیلی گرافک ٹرانسفر (TT) یا لیٹر آف کریڈٹ (LC) جیسے تمام طریقہ ہائے ادائیگی میں موجود رہتا ہے۔ بڑی کمپنیاں ایسے نقصانات برداشت کر سکتی ہیں، لیکن زیادہ تر پاکستانی SMEs کے لیے ایک بڑی عدم ادائیگی کاروبار کے لیے شدید مالی دباؤ کا باعث بن سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے چھوٹے برآمد کنندگان نئے خریداروں یا مانی منڈیوں میں جانے سے گریز کرتے ہیں۔

نئے رسک شیئرنگ پول کے تحت ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس (ECI) فراہم کی جائے گی جو برآمد کنندگان کو اس صورت میں تحفظ دے گی جب غیر ملکی خریدار کسی تجارتی یا سیاسی وجہ سے ادائیگی نہ کر سکے۔ اس تحفظ کی بدولت برآمد کنندگان زیادہ اعتماد کے ساتھ نئے خریداروں سے کاروبار کر سکیں گے، بڑے آرڈرز قبول کریں گے اور عالمی منڈیوں میں اپنی موجودگی کو وسعت دے سکیں گے۔

اس منصوبے میں ہر ادارے کا کردار واضح طور پر متعین کیا گیا ہے۔ پاک ایگزم سرمایہ فراہم کرنے، رسک پول کے انتظام، الڈر رائٹنگ اور پالیسی جاری کرنے کا ذمہ دار ہوگا، جبکہ ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ فنڈ بھی سرمایہ فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ، کمرشل بینک اور ترقیاتی مالیاتی ادارے (DFIs) بھی اس اسکیم میں شامل ہو سکیں گے اور اپنے SME سارفین کو انشورنس کی سہولت فراہم کریں گے۔ اس طرح برآمد کنندگان کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ وہ براہ راست پاک ایگزم سے رابطہ کریں یا اپنے بینک کے ذریعے اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس دراصل برآمد کنندہ کو اس خطرے سے محفوظ بناتی ہے کہ اگر غیر ملکی خریدار ادائیگی نہ کرے تو انشورنس فراہم کرنے والا ادارہ پالیسی کی شرائط کے مطابق نقصان کا ازالہ کرے گا۔ اس سے نہ صرف کاروباری اعتماد میں اضافہ ہوگا بلکہ برآمد کنندگان کو بینکوں سے قرض اور مالی سہولیات حاصل کرنے میں بھی آسانی ہوگی۔ اس منصوبے کے تحت دو اہم معلومات متعارف کرائی گئی ہیں۔ پہلی ”کمپری ہینسو شارٹ ٹرم پالیسی“ (CSTP) ہے جو براہ راست اہل SME برآمد کنندگان کو فراہم کی جائے گی۔ دوسری ”چینک ماسٹر پالیسی“ (BMP) ہے جو تنظیموں اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کو جاری کی جائے گی تاکہ وہ اپنے برآمدی سارفین کو یہ تحفظ فراہم کر سکیں۔ اس سہولت کے حصول کا طریقہ کار نسبتاً آسان رکھا گیا ہے۔ برآمد کنندہ براہ راست پاک ایگزم یا کسی شریک بینک کے ذریعے درخواست دے گا۔ اس کے بعد پاک ایگزم خریدار اور برآمد کنندہ کا جائزہ لے کر پالیسی جاری کرے گا۔

بقیہ 1

ل کی بلند ترین سطح ہے۔ گزشتہ تین ماہ میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 5 آئی پی اوز ہوئے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے معاشی استحکام بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ نجی شعبہ معاشی ترقی اور سرمایہ کاری میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سرمایہ کاری کے فروغ کا موثر ذریعہ ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں حکومت اور نجی شعبے کی شراکت داری ضروری ہے۔ سرمایہ کاری کے بے مختلف معاشی عوامل کو یکجا کر کے آگے بڑھنا ہوگا، معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کے کردار کو مزید موثر بنانا ہوگا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی خوشحالی کے منصوبے میں 14 روزہ پروگرام کے ساتھ ای ایس جی انڈیکس تیار کیا جا رہا ہے، ای ایس جی انڈیکس سے لسٹڈ کمپنیوں کی کارکردگی کی معلومات سامنے لانے میں مدد ملے گی، پاکستان میں پالیسی کے حوالے سے صورتحال بہتر ہے، مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے پالیسی کے ساتھ اداروں کی صلاحیت بڑھانا بھی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پالیسی فریم ورک، فنانسنگ، صلاحیت بڑھانا اور بینک ایبل منصوبے ضروری ہیں، پالیسی فریم ورک کی تیاری میں پاکستان اچھی پیشرفت کررہا ہے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج ESG انڈیکس پر کام کررہا ہے، اسٹیٹ بینک نے گرین ٹیکسونومی کا فریم ورک بھی فراہم کیا ہے، فنانسنگ اپنے ذرائع سے بھی کررہے ہیں، ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف بھی پاکستان کے ساتھ ہیں، صلاحیت بڑھانے کے لیے پاکستان کو مزید مدد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے ساتھ آبادی اور بقا کے مسائل پر بھی توجہ دینا ہوگی بات چیت اب "کیا اور کیوں" سے آگے بڑھ کر "کیسے اور کون" تک پہنچ گئی ہے، آبادی میں اضافہ اور موسمیاتی خطرات پاکستان کے لیے بقا کے مسائل ہیں، ہماری توجہ اکثر روزمرہ کے مسائل پر مرکوز رہتی ہے، 2047 میں پاکستان جب سو سال کا ہوگا آبادی 40 کروڑ تک پہنچ جائے گی۔

بقیہ 2

دعوت پر پاکستان آئے ہیں۔ اسلام آباد پہنچنے پر قائم مقام سیکرٹری خارجہ سفیر نجیل منیر نے ان کا استقبال کیا، جبکہ دفتر خارجہ آمد پر اسحاق ڈار نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو پاکستان کے مختلف علاقائی اور عالمی معاملات پر موقف سے آگاہ کیا اور عالمی امن و سلامتی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے کردار کو سراہا۔ ملاقات کے بعد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس کے ہمراہ دفتر خارجہ اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا جس میں پاکستان اور اقوام متحدہ کے تعلقات، عالمی و علاقائی صورتحال، مسئلہ کشمیر، غزہ، ایران امریکا کشیدگی، موسمیاتی تبدیلی، پاکستان کے سفارتی کردار اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اصلاحات سمیت مختلف امور پر اظہار خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی پاکستان آمد پر گرمجوشی سے خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ انتونیو گوتیرس نے اپنی مصروفیات کے باوجود پاکستان کی دعوت قبول کی، جو عالمی مسائل کے حل کے لیے کثیرالجہتی نظام اور اقوام متحدہ کے کردار کو مضبوط بنانے کے حوالے سے پاکستان اور اقوام متحدہ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے کثیرالجہتی نظام کے فروغ اور عالمی امن کے لیے کردار کو سراہتا ہے اور گوتیرس پاکستان کے نہایت قریبی دوست ہیں۔ اسحاق ڈار نے 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران پاکستان کی بحالی اور تعمیر نو کے لیے عالمی سطح پر وسائل متحرک کرنے میں انتونیو گوتیرس کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ان کی قیادت اور سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے عالمی برادری کو متحرک کرنے کی کوششوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ ملاقات کے دوران پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان تعاون، عالمی امن و سلامتی اور مختلف علاقائی و عالمی تنازعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان نے اس بات پر زور دیا کہ تنازعات کو طاقت کے بجائے بات چیت، مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے، کیونکہ مذاکرات کشیدگی میں کمی اور تنازعات کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کے مصالحانہ اور ثالثی کے کردار کے لیے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی حمایت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کثیرالجہتی نظام کے فروغ اور عالمی مسائل کے سفارتی حل کے لیے اقوام متحدہ کے کردار کی حمایت کرتا ہے۔ مسئلہ کشمیر کے حوالے سے نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کی کشمیر تنازع پر مستقل پوزیشن کو سراہتا ہے۔

بقیہ 3

تیار ہے۔ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور ملکی امن و امان پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ڈھائی سال کی محنت اور ٹیم ورک کے ذریعے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا گیا ہے اور مشکل سے میکرو اکنامک استحکام حاصل ہوا ہے۔ اب ملک میں معاشی ترقی اور گروتھ کا سفر شروع ہو چکا ہے، اس لیے ترقی کے پہیے کو دوبارہ جام نہیں ہونے دیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج، دھرنوں اور لانگ مارچ کی سیاست کا پہلا نشانہ ملکی معیشت ہوگی۔ اس سے برآمدات، درآمدات اور مینوفیکچرنگ سمیت صنعتی سرگرمیاں متاثر ہوسکتی ہیں۔ اگر انجینئرز اور کارکن بروقت فیکٹریوں تک نہ پہنچ سکے تو اس کا نقصان پوری قوم کو ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی معیشت میں استحکام آیا ہے، ترسیلات زر اور آئی ٹی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے اور اب ملک کو ترقی کی طرف لے جانے کا وقت ہے۔ انہوں نے پی ٹی آئی سے اپیل کی کہ وہ احتجاج اور دھرنوں کا راستہ ترک کرے اور ملک کے مفاد میں سیاسی معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اب بھی پی ٹی آئی سے بیٹھ کر بات کرنے کے لیے تیار ہے، تاہم قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔ ملک کو محنت، امانت اور دیانت کے ساتھ آگے لے کر جانا پوری قوم کی ذمہ داری ہے۔ واضح رہے کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان لانگ مارچ اور سیاسی معاملات کے حل کے لیے مذاکرات کے متعدد ادوار ہوئے۔ 3 اکتوبر کو بھی حکومت، پیپلز پارٹی اور اپوزیشن کے وفود کے درمیان مذاکرات ہوئے، جن میں سیاسی اور قومی معاملات پر تفصیلی گفتگو اور مذاکراتی عمل جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا تھا۔ مذاکرات میں حکومتی وفد میں وزیر داخلہ محسن نقوی، رانا ثناء اللہ، امیر مقام، طلال چوہدری اور طارق فضل چوہدری جبکہ پیپلز پارٹی کی جانب سے شیری رحمان، نوید قمر اور اعجاز جاکھرانی شریک ہوئے۔ اپوزیشن وفد میں بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، سلمان اکرم راجا، راجا ناصر عباس اور عامر ڈوگر سمیت دیگر رہنما شامل تھے۔ تاہم بعد ازاں یہ مذاکراتی عمل تعطل کا شکار ہوگیا۔ حکومت اور پی ٹی آئی نے مذاکرات کی ناکامی کی ذمہ داری ایک دوسرے پر عائد کی۔ حکومت کی جانب سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے موقف اختیار کیا کہ مذاکرات تقریباً کامیاب ہوگئے تھے، تاہم بعض معاملات پر اتفاق نہ ہوسکا، جبکہ پی ٹی آئی رہنماؤں نے حکومت پر اپنے مطالبات مسترد کرنے کا الزام عائد کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں ایک بار پھر واضح کیا کہ سیاسی مسائل کا حل بات چیت سے نکالنے کے لیے حکومت تیار ہے، تاہم اس کے لیے لانگ مارچ اور دھرنوں کا خاتمہ ضروری ہے۔ کشمیر چوک منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سڑکوں، پلوں اور انڈر پاسز کی تعمیر کا مقصد عوام کا قیمتی وقت بچانا ہے۔ انہوں نے وزیر داخلہ محسن نقوی اور ان کی ٹیم کو منصوبہ تیزی سے مکمل کرنے پر سراہا اور کہا کہ اسی رفتار، محنت اور جذبے سے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔ اس سے قبل وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھو یا۔ یہ منصوبہ 1 ارب 45 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک ماہ میں مکمل ہوگا۔ وزیراعظم کو کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے بارے بریفنگ دی گئی۔ منصوبے کے تحت یہاں تین رویہ انڈر پاس تعمیر ہوگا۔ اس منصوبے کی تکمیل سے فیض آباد، بہارہ کہو، مری، آزاد کشمیر کی ٹریفک بغیر کسی رکاوٹ کے رواں دواں رہے گی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، وزیر مملکت طلال چوہدری بھی وزیر اعظم کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر پاکستان کا قومی ترانہ بجایا گیا۔ وزیراعظم کی جانب سے ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش پر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن کو مثبت جواب دینے کی ہدایت جاری کردی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آج اپوزیشن کو ایک بار پر احتجاج روکنے اور مذاکرات کی دعوت دی ہے جس کے جواب میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی کے ذریعے اپوزیشن رہنماؤں کو پیغام بھجوایا ہے جس میں کہا ہے کہ اگر حکومت رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے کہا کہ حکومت کے رابطے پر پہلی شرط عمران خان سے ملاقات کی ہونی چاہیے، ان کی بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیشرفت کا آغاز کرسکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی، بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جاسکتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اگر ہماری بات نہیں مانی گئی تو لانگ مارچ روکنے کا کوئی جواز نہیں، مذاکرات کی پیشکش برائے نام ہے مذاکرات صرف پیشکش کی حد تک ہیں کوئی مثبت قدم نہیں اٹھایا گیا۔ یہ بات انہوں نے راولپنڈی اڈیالہ روڈ فیکٹری ناکے کے قریب سلمان اکرم راجہ کے ہمراہ گفتگو میں کہی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ جو مذاکرات کی پیشکش ہوتی ہیں برائے نام ہیں، مذاکرات صرف پیشکش کی حد تک ہیں کوئی مثبت قدم نہیں اٹھایا جاتا، ایک سال سے ملاقات بند ہے۔

بقیہ 4

دہشتگردی کی جنگ جو پاکستان پر مسلط کردی گئی ہے اسے حتمی نتیجے تک پہنچایا جائے، دہشت گردوں کے ٹریننگ کیمپ میں اسرائیل کے لوگ بھی آکر ان کو ٹیکنالوجی کی ٹریننگ دے رہے ہیں یہ ڈرونز اس سے پہلے تو افغان طالبان نے نہیں چلائے تھے۔ خیبر پختونخوا کی حکومت کو دہشتگردی کے خلاف اس پالیسی اور آپریشن میں کردار نبھانا ہوگا۔ رانا ثناءاللہ نے کہا اپوزیشن کے ساتھ رابطے تو پہلے بھی تھے اب بھی رابطے ہیں، ہم اپوزیشن کی جانب سے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مثبت پیش رفت کی یقین دہانی کے بعد دوبارہ مذاکرات کیلئے بیٹھ سکتے ہیں۔ رانا ثناءاللہ نے کہا یہ کہتے ہیں ان سے مذاکرات کریں ان کے ساتھ مذاکرات کرتے 15 سال گزر گئے۔ رانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ طالبان کے ساتھ قطر، سعودی عرب، ترکیے اور چین نے مذاکرات کیے وہ کسی بات پر آتے نہیں رہے، دہشت گردی کے واقعات میں ملوث لوگ افغانستان سے ٹریننگ لے کر آتے ہیں وہیں سے کنٹرول ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی وفاقی حکومت میں پالیسی بنائی کہ دہشت گردوں کو عام معافی دے کر واپس لاتا ہے، پی ٹی آئی دور میں اپوزیشن سے مشاورت نہیں صرف بریفنگ دی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حکومت کی اس پالیسی کی سابق فاٹا کے لوگوں نے مخالفت کی تھی فاٹا کے لوگوں نے کہا کہ یہ لوگ واپس آکر وہی کچھ کریں گے جو پہلے کرتے رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت کی حکومت کا موقف تھا کہ دہشت گرد ہتھیار رکھ دیں گے اور قانون کے مطابق زندگی گزاریں گے۔ بیرونی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے اسٹریٹجک فیصلے اوپن فورم پر نہیں ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاسی مسائل، عمران خان کی صحت اور ملاقاتوں سے متعلق ساری چیزیں طے ہوگئی تھیں، عمران خان سے ملاقات اور ذاتی معالجین پر تو ہم متفق ہوگئے تھے ہم نے کہا کہ ذاتی معالجین کے لئے عدالت چلے جائیں انہوں نے کہا کہ فائنل ڈرافٹ کے بعد جب یہ کمرے میں گئے تو وہاں ان کا اسٹے کچھ لیا ہوا پی ٹی آئی والے کمرے سے باہر آئے تو کہا کہ یہ پالیسی مشاورت نہیں، اتفاق رائے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تو وفاقی حکومت کا اختیار ہے کہ بیرونی جارحیت پر پالیسی بنائے، اس پالیسی پر آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ہم متفق ہوئے تو پالیسی بنائیں گے پالیسی سے متعلق پی ٹی آئی کا موقف آئینی اور قانونی طور پر غلط ہے۔ دہشت گردی کے خلاف پالیسی پر مثبت پیشرفت کی یقین دہانی پر دوبارہ بیٹھا جاسکتا ہے۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کو حق نہیں کہ بیرونی جارحیت سے متعلق پالیسی پر وفاق کو اتفاق رائے پر مجبور کرے۔ سہیل آفریدی نے جو لانگ مارچ کی مروت سے شروع کیا وہاں تین چار ہزار آدمی تھے اس سے اندازہ لگالیں کہ اس لانگ مارچ کا آگے جاکر کیا حال ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ مروت جہاں انہوں نے 4 ہزار افراد جمع کیے وہاں 10 افراد جمع نہیں ہوسکتے وہاں اس خوف سے لوگ جمع نہیں ہوتے کہ دہشت گردوں کا حملہ نہ ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ تین چار ہزار لوگ لانگ مارچ سے متعلق تو بایوں کی تعداد ہے چار ہزار لوگوں کے باوجود ان کو پوری تسلی تھی کہ ان پر حملہ نہیں ہونا ہے بات وہی ہے کہ یہ ان کی حمایت کرتے ہیں اور وہ ان کی حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ 5

حکومتوں کے درمیان زراعت، فشریز اور لائیو اسٹاک سمیت دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر زراعت، ماہی گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد البسی نے پنجاب میں پہلا شریمپ سینٹر قائم کرنے کی پیشکش کی جبکہ دودھ اور گوشت کے لیے مویشیوں کی ایکسپورٹ بڑھانے کے لیے اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مسقط کو پنجاب سے میٹ ایکسپورٹ کی پیشکش کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب سے اسکلڈ ورکرز کی مسقط آمد پر پابندی اٹھانے کے لیے اقدامات کی تجویز دی جس پر وزیر زراعت، ماہی گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد البسی نے ویزا پابندی اٹھانے کی تجویز پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب میں اسکلڈ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہزاروں نوجوان ٹریننگ لے چکے ہیں۔ پاکستان کی 65 فیصد یوتھ ملک کا قابل قدر اثاثہ ہے، نوجوانوں کو اسکلڈ ڈویلپمنٹ کے ذریعے ٹریننگ دی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان کے نوجوانوں کی غیر معمولی صلاحیتوں کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جاتا ہے، نوجوانوں کو مختلف سیکٹرز میں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ فنی ٹریننگ دی جارہی ہے۔

بقیہ 6

وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی، جس کے دوران 5 خوارج ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل و حرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی۔ سیکیورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان میں صدر مملکت نے کارروائی میں 5 خوارج کو جہنم واصل اور 2 کو زخمی کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے خلاف بروقت اور فیصلہ کن کارروائی کرکے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کا مکمل خاتمہ اور پائیدار امن حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان میں خوارجیوں کے خلاف موثر اور کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کی زبردست ستائش کی ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ نے فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر متزلزل جرات کو سراہتے ہوئے کہا کہ کارروائی کے دوران 5 بھارتی پراکسیز دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے والے وطن کے بہادر سپوت قوم کے اصل ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو اپنی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور بروقت حکمت عملی پر فخر ہے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں اور کارروائیاں لائق تحسین ہیں، جنھوں نے شرپسندوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ملک دشمن عناصر کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے اور پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 7

کہ دہشت گردی کے تانے بانے دہلی اور کابل تک ملتے ہیں، خیبر پختون خوا حکومت کسی سے ڈکٹیشن لینے کے بجائے عوام کا سوچے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کو احساس نہیں کہ صوبے کے عوام کا کیا بنے گا، آپ کو عوام نے مینڈیٹ دیا ہے تو آپ ان کے مسائل پر توجہ دیں، مسائل کا حل بیٹھ کر بات چیت سے نکالا جاتا ہے۔

بقیہ 8

۔دوسرے واقعے میں ٹوں روڈ پر نامعلوم افراد نے ٹریفک پولیس کی موبائل پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوگیا۔ دونوں واقعات کے بعد ڈی آئی خان شہر اور گرد و نواح میں سیکیورٹی سخت کردی گئی ہے

بقیہ 9

کرنے کے کیس کی سماعت کی۔ پراسیکیوٹر ذوالفقار نوید اور ملزمان کے مرکزی وکلا کے جونیئر عدالت میں پیش ہوئے۔ جونیئر وکیل نے استدعا کی کہ مرکزی وکلا ہائیکورٹ میں ہیں لہٰذا عدالت چالان کی کاپیاں اور تاریخ دے دے۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ چالان کی کاپیاں پہلے ہی دی جاچکی ہیں، آج عدالت نے اس کیس میں فرد جرم عائد کرنا ہے۔ جونیئر وکیل نے کہا کہ کاشف سے ملنے کی رسائی نہیں دی جا رہی۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ وکالت ناموں پر دستخط ہوکر آچکے ہیں، عدالت کورٹ کی سماعت کو کھیچ کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی، مرکزی وکلا ساڑھے گیارہ بجے تک عدالت پیش ہوں ہر فرد جرم عائد کی جائے گی۔ عدالت نے کیس کی سماعت میں ساڑھے گیارہ بجے تک وقفہ کیا تاہم اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت پیش نہ کیا جاسکا جس کے سبب فرد جرم عائد نہ کی جاسکی۔ جج طاہر عباس سپرا نے ہدایت دی کہ جیل حکام آئندہ سماعت پر ملزمان کی ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری یقینی بنائیں، بصورت دیگر جیل حکام کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے گی۔ جیل حکام ایمان مزاری اور ہادی کی وکلا سے ملاقات یقینی بنائیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت (آج) بدھ تک ملتوی کردی، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم کل عائد کی جائے گی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف تھانہ آبپارہ میں مقدمہ درج ہے

بقیہ 10

کرانے کی تجویز پر بھی بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق سٹیٹ بینک آف پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم رکھنے اور افراط زر پر قابو پانے کیلئے کیے گئے اقدامات سے آئی ایم ایف وفد کو آگاہ کیا، وفد کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر، کمرشل بینکوں کے ذخائر 4.5 ارب ڈالر ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد پاکستانی معاشی ٹیم کے ساتھ میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسیز کا مسودہ شیئر کرے گا۔ ذرائع کے مطابق MEFP پر اتفاق رائے ہونے کے بعد تقریباً 2.1 ارب ڈالر کی قسط کے لیے سٹاف لیول معاہدہ ہونے کی راہ ہموار ہوجائے گی۔

بقیہ 11

حالیہ کارروائی ایک بار پھر اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ افغانستان میں سرگرم بین الاقوامی منشیات اسمگلنگ نیٹ ورکس مخصوص جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے پاکستان کی سرزمین اور سمندری راستوں کو دیگر ممالک تک منشیات پہنچانے کے لیے بطور راہداری استعمال کرنے کی مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔ تقریباً ایک ماہ قبل اے این ایف کی موثر انٹیلی جنس اور بروقت معلومات کے تبادلے کے نتیجے میں دوست ممالک کے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کولمبو پورٹ (سری لنکا) پر کنٹینر سے 463 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس) برآمد کی تھی۔ اس نیٹ ورک کے افغان سرغنہ کو اے این ایف نے گرفتار کیا جس کے نتیجے میں افغانستان سے فعال منظم منشیات نیٹ ورکس کے علاقائی اور بین الاقوامی روابط مزید نمایاں ہوئے۔ موجودہ کارروائی بھی اسی وسیع تر چیلنج کی عکاس ہے کہ اے این ایف ایسے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اے این ایف کی ملک بھر میں انسداد منشیات کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری ہیں تاکہ منشیات کے خلاف جنگ میں منشیات سے پاک پاکستان کی منزل کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 12

ہیں، جس سے منصوبے کے جاری رہنے کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے گھروں کو اپنی سیاسی ملکیت ثابت کرنے کی کوشش شاید سوشل میڈیا پر چل جائے، تاہم ان گھروں میں رہنے والے اصل مستحقین کی گواہی کو جھٹلایا نہیں جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ اپنی چھت اپنا گھر محض کوئی سیاسی اسکیم نہیں بلکہ عوام کو اپنی چھت فراہم کرنے کا عملی منصوبہ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جن کے پاس دکھانے کے لیے کارکردگی نہیں ہوتی، وہ دوسروں کے بنے گھروں کی کہانیاں گھڑتے ہیں، پروپیگنڈا جتنا مرضی کیا جائے، گھر آخر گھر ہی ہوتا ہے اور گھر کی چابی جس خاندان کے ہاتھ میں ہو اصل گواہی بھی اسی کی ہوتی ہے۔

بقیہ 13

۔ان 12 مزدوروں کو نامعلوم مسلح افراد نے تحصیل کے علاقے ملاری سے اغوا کیا تھا جن میں سے دس کا تعلق پنجاب سے ہے۔ مقامی پولیس کے مطابق یہ مزدور شاہراہ کی تعمیر کرنے والی ایک کمپنی کے ساتھ کام کر رہے تھے جس کے کیمپ پر 30 سے 40 نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا تھا۔ اس حملے میں کمپنی کا ایک پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈ ہلاک ہوا تھا جبکہ مسلح افراد نے کمپنی کی چار گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے علاوہ 12 مزدوروں کو اغوا کرلیا تھا۔ بلوچستان میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے افراد کو لسانی شناخت پر قتل کیے جانے والے کے واقعات میں اضافہ ہے نہ صرف بلوچستان میں ترقیاتی کام متاثر ہو رہے ہیں بلکہ پنجاب میں بھی بے چینی کی لہر پیدا ہو رہی ہے

بقیہ 14

لیے طلب کرلیا۔ عدالت نے علیمہ خان، عظمیٰ خانم اور دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت 6 نومبر تک ملتوی کردی۔ دوران سماعت سابق وفاقی وزیر اسد عمر اور فواد چوہدری، مسرت چیمہ سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے، عدالت نے اعظم سواتی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ واضح رہے کہ ملزمان کے خلاف 9 مئی کے دوران جناح ہاؤس، عسکری ٹاور اور مسلم لیگ (ن) کے دفتر کو جلانے سمیت دیگر واقعات سے متعلق مقدمات درج ہیں

بقیہ 15

،جبکہ پانچ کھرب روپے کی ضرورت والے منصوبے کو محض ستر کروڑ روپے دیے جاتے ہیں، اس رفتار سے فنڈز فراہم کرکے منصوبوں کی بروقت تکمیل کی توقع کیسے کی جا سکتی ہے؟ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ گزشتہ آٹھ سے دس برس سے متعدد منصوبے مسلسل تاخیر اور سست روی کا شکار ہیں، لیکن وفاقی حکومت اور وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے مطلوبہ توجہ اور عملی پیش رفت دکھائی نہیں دے رہی، منصوبے شروع کرکے انہیں ناکافی فنڈنگ کے باعث برسوں ادھورا چھوڑ دیا جاتا ہے، جس سے عوام کو بنیادی سفری سہولتوں سے محروم رکھنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنڈز کی کم رفتار نہ صرف تعمیراتی کام کی رفتار متاثر نہیں کرتی بلکہ ہر گزرتے سال کے ساتھ منصوبوں کی مجموعی لاگت بھی بڑھاتی ہے۔ تعمیراتی سامان، مشینری، ایندھن اور مزدوری کی قیمتوں میں اضافے سے پراجیکٹس کی اسکیلیشن اور لاگت میں تجاوز کا بوجھ بڑھ رہا ہے، آج جس منصوبے کو مناسب فنڈز دے کر مکمل کیا جاسکتا ہے، اسی منصوبے پر تاخیر کے باعث کل کہیں زیادہ رقم خرچ کرنا پڑے گی۔ یہ طرز عمل قومی خزانے اور ترقیاتی وسائل دونوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعمیراتی کمپنیاں بھی مسلسل مالی نقصان کا سامنا کر رہی ہیں۔ مشینری، عملے اور سائٹ کے مستقل اخراجات جاری رہتے ہیں، جبکہ کام اور ادائیگیوں کا تسلسل برقرار نہیں رہتا۔ دوسری جانب ادھوری شاہراہوں کا سب سے زیادہ بوجھ بلوچستان کے عوام برداشت کر رہے ہیں، جنہیں روزمرہ سفر، علاج معالجے، تعلیم اور تجارتی سرگرمیوں میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے واضح کیا کہ کراچی چمن کوئٹہ شاہراہ ایک اہم منصوبہ ہے، لیکن اس کے ساتھ بلوچستان کی دیگر قومی شاہراہوں کی تکمیل بھی یکساں توجہ کی مستحق ہے۔ صوبے کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تمام جاری منصوبوں کو ان کی ضرورت، پیش رفت اور تکمیل کی مدت کے مطابق منصفانہ اور قابل عمل بنیادوں پر فنڈز فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت اور وزارت منصوبہ بندی بلوچستان میں نیشنل ہائی وے کے تمام زیر تکمیل منصوبوں کا فوری جائزہ لیں، بقایا ادائیگیوں اور باقی تعمیراتی کام کے لیے واضح مالی منصوبہ بنائیں اور فنڈز کے باقاعدہ اجرا کے ساتھ تکمیل کی مدت مقرر کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مزید غیر معینہ تاخیر کے متحمل نہیں ہوسکتے، انہیں اعلانات کے ساتھ عملی پیش رفت اور مکمل، محفوظ شاہراہیں چاہئیں۔

بقیہ 16

بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی مشینی عمل کے ذریعے پیداوار میں اضافہ، پیداواری اخراجات میں کمی اور بروقت کاشت و برداشت ممکن ہوگی۔ یو بی ایل کی زرعی مالی معاونت اور یو اے ٹی سی کے ٹریکٹر سازی کے تجربے کا امتزاج کسانوں کیلئے مفید ثابت ہوگا۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ منافع کی شرح میں رعایت کے ذریعے مالی معاونت سے فراہم کیے جانے والے ٹریکٹرز سے کسانوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ جدید ٹیکنالوجی اور آسان مالی سہولتوں کو زیادہ سے زیادہ کسانوں تک پہنچانا ہوگا تاکہ زرعی شعبے کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی اداروں اور صنعتی شعبہ باہمی تعاون کے ذریعے زرعی معیشت کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں، جس سے نہ صرف کسانوں کی معاشی حالت بہتر ہوگی بلکہ ملکی غذائی تحفظ اور مجموعی معاشی ترقی کو بھی تقویت ملے گی

بقیہ 17

رابطہ کاری کا آغاز کردیا ہے۔ پاکستان کی ترجیحات میں ڈیجیٹل تجارت، کثیرالجہتی ٹرانزٹ کوریڈورز، انفراسٹرکچر کی ترقی، معدنی ذخائر کی تکرانی اور اقتصادی تعاون کا فروغ شامل ہونا چاہیے، جبکہ ٹیکنالوجی کی ترقی میں ایس سی او کے رکن ممالک کو پیچھے نہیں رہنا چاہیے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ 2027 کا ایس سی او سربراہ اجلاس اقتصادی و سلامتی تعاون کو مزید گہرا کرنے اور بدلتے ہوئے عالمی نظام کی عکاسی کے لیے اہم پلیٹ فارم ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے یوریشیائی ٹرانزٹ نیٹ ورکس کو فعال بنانے، چین پاکستان اقتصادی راہداری کو وسطی ایشیائی ریاستوں سے جوڑنے اور انہیں بحیرہ عرب تک براہ راست رسائی فراہم کرنے کی تجویز دی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ٹیکنیک سربراہ اجلاس میں منظور کیے گئے چیلنجز اور خطرات سے نمٹنے کے یونیورسل سینٹر کے عملی آغاز کی میزبانی بھی کرسکتا ہے، جس سے علاقائی انٹیلی جنس شیئرنگ اور سرحد پار انسداد دہشت گردی کے موثر طریقہ کار کو فروغ ملے گا۔ سردار مسعود خان نے ایس سی او کے تحت سرحد پار آبی وسائل کے انتظام، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری اور گرین ٹیکنالوجی پر مشتمل مشترکہ ماحولیاتی و آبی فریم ورک کی تشکیل دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سربراہ اجلاس میں مجوزہ ایس سی او ڈویلپمنٹ بینک پر پیش رفت بھی زیر بحث آنے کا امکان ہے، جو انفراسٹرکچر، کنسورشیم اور دیگر موجودہ ترقیاتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایک قابل اعتماد سفارتی مرکز اور بڑی طاقتوں کے درمیان توازن کے لیے مضبوط اسٹریٹجک مرکز کے طور پر ابھر سکتا ہے۔ اہم عالمی رہنماؤں کی شرکت ایس سی او کے سلامتی، تجارت اور منصفانہ ٹیکنالوجی گورننس میں بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرے گی۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ ایس سی او کو محض ایک گفت و شنید کے فورم یا مشرقی دنیا کے بلاک کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے بلکہ یہ کثیر قطبی عالمی نظام کی تشکیل کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم بن رہا ہے، جو اقوام متحدہ، بین الاقوامی قانون کی بالادستی اور دہشت گردی، علیحدگی پسندی و انتہاپسندی کے خلاف اجتماعی جدوجہد کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔

بقیہ 18

بھی چیک پوسٹ اور کیمروں کی تنصیب کی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق ادویہ ہیلپ برج پر طالبات اور خواتین کسی بھی ہراسانی یا ہنگامی صورتحال کی صورت میں پینک بٹن دبا سکیں گی۔ ایمرجنسی پینک بٹن دبانے پر خاتون کا براہ راست سیف سٹی کنٹرول روم سے رابطہ قائم ہوسکے گا۔ سیف سٹی کنٹرول روم سے صورتحال کا فوری جائزہ لے کر متعلقہ پولیس کو مدد کے لیے روانہ کیا جاسکے گا۔ پینک بٹن اور کیمروں کی تنصیب سے اور ہیلپ برج کی لائیو مانیٹرنگ اور موثر نگرانی بھی ممکن ہوگی۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق دیگر اور ہیلپ برج کو بھی مرحلہ وار سیف سٹی سسٹم سے منسلک کیا جائے گا

بقیہ 19

ایف نے آئی پی پالیسی میں ای وی کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ بھی کردیا۔ مشن پیٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہوگیا تاہم ساتھ ہی مطالبہ کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائے جائیں۔ واضح رہے کہ قرض پروگرام کی اگلی قسط کی راہ ہموار کرنے کیلئے پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات آخری مراحل میں ہیں۔ چوتھے جائزہ مذاکرات میں توانائی شعبے کی اصلاحات، ٹیکس وصولیوں اور معاشی اہداف پر بات چیت جاری ہے۔ مذاکرات کامیاب رہے تو رواں ہفتے اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف مشن نے میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسی پیش کردیا۔ ذرائع کے مطابق وفد کی ایف بی آر اور وزارت پٹرولیم کے حکام سے ملاقاتیں ہوں گی۔ وزیراعظم کی فیول سبسڈی اسکیم، گیس ٹیرف اور توانائی شعبے کے گردشی قرضے زیر بحث آئیں گے۔ تکنیکی سطح کے مذاکرات میں ایف بی آر نے رواں سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ آئی ایم ایف مشن نے اب تک کی پیش رفت اور جولائی سے ستمبر تک کے محصولات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اقتصادی ٹیم نے دسمبر 2026 تک نئے این ایف سی کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔ پاور سیکٹر کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کے باوجود آئی ایم ایف نے گردشی قرضے میں کمی، ڈسکوز کے نقصانات پر قابو پانے اور نجکاری کے لیے اقدامات پر زور دیا۔ پالیسی سطح کے مذاکرات میں معاشی اصلاحات، ایف بی آر محصولات اور دیگر اقدامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق رواں سال پاکستان کی جی ڈی پی شرح نمو چار فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ ملاقاتی کشیدگی کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ مذاکرات کی کامیابی کی صورت میں آئی ایم ایف مشن مجموعی جائزے کا اعلامیہ جاری کرے گا۔ بات چیت نامکمل رہنے کی صورت میں ورچوئل مذاکرات جاری رہیں گے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کا اجرا آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے مشروط ہوگا۔ وفد کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کا بھی امکان ہے

بقیہ 20

دیکھے، قائم مقام سیکرٹری خارجہ سفیر نجیل منیر نے ان کا استقبال کیا۔ انتونیو گوتریس یہ دورہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل صدر مملکت، وزیراعظم، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی سٹاف سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ 21

دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 5 ابتدائی عوامی پیشکشیں (آئی پی اوز) ہوئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال 11 آئی پی اوز ہوئے جو 20 سال کی بلند ترین سطح ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی نقصانات کے فنڈ سے پاکستان کو مطلوبہ مدد نہیں مل رہی، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے عالمی فنڈز سے مزید معاونت کی ضرورت ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں موسمیاتی خطرات کو سمجھنا اور ان کی گمرانی کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کیلئے اداروں کی استعداد کار بڑھانا ضروری ہے۔ موسمیاتی منصوبوں میں صرف یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ کیا اور کیوں کیا جارہا ہے بلکہ کیسے اور کون کرے گا اس پر بھی توجہ دینا ہوگی۔

بقیہ 22

اور ترکیے نے سعودی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور اعلیٰ تیاریوں کا بھرپور اعتراف کیا ہے۔ اجلاس میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کو نشانہ بنانے کی کوششوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی۔ سعودی شہروں، شہری اور معاشی تنصیبات پر حملوں کو مکمل طور پر مسترد کیا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

بقیہ 23

مرکز میں امیر جماعت اسلامی آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی آزاد جموں کشمیر راجہ جہانگیر خان ڈپٹی سیکرٹری جنرل قاضی شاہد حمید بھی موجود تھے اس موقع پر جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان کی تحریک آزادی کشمیر اور آزاد کشمیر کے مسائل کے حل کے حوالے سے کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ہم شکرگزار ہیں جماعت اسلامی پاکستان کی قیادت کے کہ وہ ہر مرحلے پہ ہماری رہنمائی کرتی ہے، ہمارا ساتھ دیتے ہیں آزاد کشمیر کے موجودہ بحران کے حوالے سے بھی جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن صاحب نے پوری کوشش کی کہ وہ اس مسئلے کا پرامن حل نکالنے کے لیے کردار ادا کریں ہم ان کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ 24

بادی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفاتر میں کھلی کچہریاں منعقد کرکے شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہری بلا جھجک اور بغیر کسی سفارش کے کھلی کچہریوں میں اپنے مسائل پیش کرسکتے ہیں، جبکہ آئی جی پی شکایت سیل 1- پر بھی شکایات درج کروائی جاسکتی ہیں۔ آئی جی اسلام آباد کی ہدایات پر تمام سینئر پولیس افسران اور زونل ایس پیز بھی اپنے اپنے علاقوں میں کھلی کچہریاں منعقد کررہے ہیں تاکہ شہریوں کے مسائل براہ راست سن کر ان کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے بھی اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے، جبکہ ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق فیصلے کیے جائیں گے۔ دوسری جانب اسلام آباد پولیس کا گمشدہ اور لاوارث بچوں کو ان کے والدین اور ورثاء سے ملانے کا مشن بھی جاری ہے۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران مختلف تھانوں کی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گھروں سے لاپتہ اور لاوارث 08 سے زائد بچوں کو تلاش کرکے بحفاظت ان کے والدین اور ورثاء کے حوالے کیا۔ بچوں کی تلاش اور انہیں والدین سے ملانے میں تھانہ ترنول، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ بہارہ کہو، تھانہ کوہسار، تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ شمس کالونی اور تھانہ نیلور پولیس نے اہم کردار ادا کیا۔ پولیس نے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے مختلف ذرائع سے معلومات حاصل کیں اور بچوں کو تلاش کیا۔ بچوں کی بحفاظت اپنے والدین سے ملاقات پر والدین اور ورثاء نے اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا اور پولیس افسران و اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، ان کے مسائل کے بروقت حل، عوامی خدمت اور شہریوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 25

کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی محمد عتیق طاہر نے اپنے دفتر میں آرڈرلی روم کا انعقاد بھی کیا، جہاں پولیس افسران و اہلکاروں نے اپنے ذاتی اور محکمانہ مسائل پیش کیے۔ انہوں نے تمام درخواستوں کو میرٹ پر سنا اور مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔ اسی طرح ایس ایس پی لاجسٹکس محمد عثمان طارق بٹ نے لاجسٹکس ڈویژن کے افسران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد کیا، جس میں وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کے دوران موثر لاجسٹک سپورٹ اور ضروری انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے افسران کو بروقت اور موثر لاجسٹک معاونت یقینی بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اے آئی جی لاجسٹکس نے اپنے دفتر میں آرڈرلی روم کا انعقاد کرتے ہوئے پولیس افسران کے محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل بھی سنے اور ان کے بروقت حل اور دادرسی کے لیے متعلقہ سینئر افسران کو احکامات جاری کیے۔ دریں اثنا ایس پی ہیڈکوارٹرز پری گل ترین نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں پولیس افسران و اہلکاروں کی سہولت کے لیے قائم ریسٹ ایریا، جم اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ان سہولیات کو مزید بہتر، منظم اور موثر بنانے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اسلام آباد پولیس افسران و اہلکاروں کی فلاح و بہبود، ان کے مسائل کے بروقت حل، بہتر سہولیات کی فراہمی اور موثر انتظامی و لاجسٹک سپورٹ کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 26

موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کیے۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا کہنا تھا کہ راولپنڈی پولیس کے 6000 کے قریب افسران سیکورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سینئر افسران فیلڈ میں فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، روف ٹاپ پر سنائپرز تعینات کئے گئے ہیں، سیف سٹی اور دیگر سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جارہی ہے، مانیٹرنگ کے لیے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ اور ڈولفن سکواڈ سٹیڈیم کے اطراف گشت کر رہے ہیں، شہریوں کی سہولت کے لیے موثر ٹریفک انتظامات کیے گئے ہیں، میچ کے لئے فول پروف سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے

بقیہ 27

ذمہ داران نے شرکت کی، ضلعی جنرل سیکرٹری علامہ قاسم محمود مجددی نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور بجلی و گیس کے بھاری بلز عام آدمی کے بڑے مسائل ہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ غریب اور متوسط طبقے کو حقیقی ریلیف دیا جائے اور کرپشن کے خاتمے کے لیے شفاف اور بلا امتیاز احتساب یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ صوفیائے کرام کی تعلیمات، جن کا مرکز محبت، خدمت خلق اور احترام انسانیت ہے، آج کے معاشرے کی سب سے بڑی ضرورت ہیں، فرقہ وارانہ خاتمے اور اتحاد امت کے لیے علماء و مشائخ کو آگے آنا چاہیے اور نوجوانوں کو انتہاپسندی کے بجائے اعتدال اور رواداری کی تعلیم دی جائے، سید حمید حسین شاہ نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی اور اتحاد وقت کی ضرورت ہے، مسلح افواج، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء و غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان سنی تحریک کے ذمہ داران و کارکنان اپنے سربراہ محمد شاداب رضا نقشبندی کی قیادت میں آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے امن، اعتدال، خدمت خلق اور اتحاد کا مشن جاری رکھے ہوئے ہیں، ان شاء اللہ پاکستان کو امن، استحکام اور خوشحالی کا گہوارہ بنا کر دم لیں گے، پاکستان اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، اور اس کی ترقی، سلامتی اور استحکام کے لیے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 28

میں داخل ہونے والے تمام افراد کو واک تھرو گیٹ چیکنگ کے ساتھ باڈی سرچ کو یقینی بنایا جائے، فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنایا جائے گا، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ راولپنڈی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 29

ناقابل برداشت ہیں۔ گوجر خان پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو اشتہاری گرفتار کرلیے۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا، اشتہاریوں نے سابقہ دشمنی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، اشتہاری دسمبر 2023 سے پولیس کو مطلوب تھے، گوجر خان پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ اشتہاریوں کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 30

جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری بھی اپنے علاقے کی تعمیر و ترقی میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور ڈڈیال سمیت آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی حمایت کرتے ہیں۔ چوہدری محمد شکیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا عمل کسی ایک علاقے تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ آزاد کشمیر کے تمام اضلاع اور تحصیلوں کے عوام کو بنیادی سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں میں مناسب حصہ ملنا چاہیے۔ ڈڈیال کو ماڈل شہر بنانے کا مقصد شہریوں کو بہتر ماحول، جدید سہولیات اور باعزت طرز زندگی کی فراہمی ہے۔

بقیہ 31

کو سزائے موت سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق لڑائی جھگڑے کے دوران چھری کے وار سے شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے سزائے موت سنا دی، مجرم ثناءاللہ کو 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا بھی سنائی گئی۔ واقعہ کا مقدمہ جون 2024ء تھانہ رتہ امرال میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، سنگین مقدمہ میں مجرم کو قرار واقعی سزا متاثرین کو انصاف کی فتح ہے

بقیہ 32

نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 33

ممکن کروائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہانیاں کے چک 113 دس آر میں چوہدری خضر حیات گجر کے داماد چوہدری امجد مرحوم کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا کہ ان کی خصوصی تجویز پر صدر ضیاء الحق کے دور حکومت میں خانیوال تا لودھراں ہائی وے روڈ کی منظوری دی گئی، جو جہانیاں کے عوام کے لیے ایک میگا پراجیکٹ تھا۔ اس سڑک کی تعمیر کے بعد ہی جہانیاں میں ترقی اور خوشحالی کے نئے دروازے کھلے۔ اس کے علاوہ جہانیاں کو تحصیل کا درجہ دلوانا، بوائز و گرلز ڈگری کالجز کا قیام اور ہر دیہات تک بجلی کی فراہمی سمیت بچوں اور بچیوں کے لیے ہائی سکولوں کا اجراء ان کے اہم کارنامے ہیں۔ مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا کہ بدقسمتی سے ان کے بعد آنے والے نمائندوں اور حکمرانوں نے جہانیاں کی ترقی و خوشحالی کے لیے کوئی خاطر خواہ کام نہیں کیا، جس کی وجہ سے یہ خوبصورت شہر دیگر ہم عصر شہروں کے مقابلے میں ترقی کی دوڑ میں کافی پیچھے رہ گیا۔ مخدوم جاوید ہاشمی نے مزید کہا کہ جہانیاں کے لوگ انتہائی محبت کرنے والے اور بااخلاق ہیں۔ ان کے دلوں کو جیتنے کے لیے نعروں کے بجائے ان کے بنیادی دکھوں اور درپیش مسائل کا عملی ازالہ کرنا ہوگا۔ تعزیتی دورے کے موقع پر مخدوم جاوید ہاشمی نے چوہدری خضر حیات گجر کے داماد چوہدری امجد کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر چوہدری نعیم حیات گجر، چوہدری حسنات حیات گجر، چوہدری شکیل احمد محسن، محمد عارف سعید اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 34

آر کے مطابق خاتون مبینہ طور پر پولیس چوکی میں داخل ہوئیں اور ہیڈ کانسٹیبل سے ان کے ریمارکس پر بازپرس کی جو ان کے خیال میں کانسٹیبل ان کے بارے میں کر رہے تھے۔ اس دوران مبینہ طور پر زبانی تکرار ہوئی جس کے بعد خاتون نے پستول نکالا اور ان پر فائر کردیا، گولی مبینہ طور پر اہلکار کی جیب کے بٹوے میں لگی لیکن ان کے بٹوے (والٹ) کے آر پار ہوگئی۔ مدعی نے بتایا کہ بٹوے کی وجہ سے وہ کسی شدید زخم سے بچ گئے۔ ایف آئی آر کے مطابق، مبینہ حملہ آور خاتون بجلی کی بندش کے باعث چھائے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئیں۔ بعد ازاں پولیس نے تعزیرات پاکستان (پی پی سی) کی دفعہ 324 کے تحت اقدام قتل کا مقدمہ درج کرلیا اور ملزمہ کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارنا شروع کردیے

بقیہ 35

گیں۔ اس طرح درآمدات میں 13.21 فیصد اضافہ برآمدات کی 10.84 فیصد نمو سے زیادہ رہا اور سہ ماہی تجارتی خسارہ گزشتہ سال کے 9.37 ارب ڈالر سے بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر ہوگیا۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ ستمبر 2026 میں برآمدات 2.93 ارب ڈالر ریکارڈ ہوئیں جو ستمبر 2025 میں 2.5 ارب ڈالر تھیں، جبکہ درآمدات 6.49 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال اسی ماہ 5.8 ارب ڈالر تھیں۔ برآمدات میں اضافے کے باوجود ستمبر 2026 کا تجارتی خسارہ 3.55 ارب ڈالر رہا، جبکہ ستمبر 2025 میں یہ 3.35 ارب ڈالر تھا۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی بل میں اضافے کو صرف ایک ماہ کا مسئلہ سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، اس کے اسباب، درآمدات کی نوعیت اور ملکی پیداوار پر اثرات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ امریکہ ایران جنگ کے باعث پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں شدید اضافے سے درآمدی اخراجات بڑھے ہیں، تاہم بعض درآمدات مشینری، خام مال اور پیداواری سرگرمیوں کیلئے ناگزیر ہوتی ہیں، اس لیے ان پر بلا امتیاز پابندیاں عائد کرنے سے صنعت، روزگار اور برآمدی پیداوار متاثر ہوسکتی ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ اگر مالی سال 2026-27 کی باقی تین سہ ماہیوں میں بھی تجارتی خسارہ پہلی سہ ماہی کی سطح یعنی تقریباً 10.79 ارب ڈالر پر برقرار رہا تو سالانہ تجارتی خسارہ تقریباً 43 ارب ڈالر تک پہنچ سکتا ہے۔

بقیہ 36

پر 22 سالہ نوید ولد فضل آسمانی بجلی کی زد میں آکر شدید متاثر ہوا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور متاثرہ نوجوان کو موقع پر ہی سی پی آر فراہم کی گئی، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکا۔ ریسکیو اہلکاروں نے نوجوان کی نعش کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال حضرو منتقل کردیا۔

بقیہ 37

عارضے کا شکار تھی، جس کا علاج بھی جاری تھا۔ ان کے مطابق شائستہ ماضی میں نشے کی عادی بھی رہ چکی تھی اور کچھ عرصہ قبل گھر سے چلی گئی تھی، جس کی گمشدگی کی رپورٹ بھی درج کرائی گئی تھی، تاہم بعد میں وہ واپس آگئی تھی۔ علی اکبر کے مطابق پیر کی صبح وہ ڈیوٹی پر چلے گئے تھے اور شام کو واپس آئے تو شائستہ گھر پر موجود تھی۔ رات تقریباً ڈھائی بجے بچے کے رونے کی آواز پر ان کی آنکھ کھلی تو شائستہ کی لاش پھندے سے لگی ہوئی ملی، جس پر فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی گئی۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ دوسری جانب سہراب گوٹھ تھانے کی حدود نیو کراچی، لاسی گوٹھ، بسم اللہ چوک کے قریب گھر سے 21 سالہ حسنین ولد حسین بخش کی گلا کٹی لاش برآمد ہوئی۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی، شواہد جمع کرنے کے بعد لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کردی۔ ایس ایچ او سہراب گوٹھ کے مطابق حسنین غیر شادی شدہ تھا اور لاسی گوٹھ میں باربر کی دکان چلاتا تھا۔ مقتول کے والد نے پولیس کو بتایا کہ گھر کے تمام افراد رات کو کھانا کھانے کے بعد سو گئے تھے، صبح آنکھ کھلی تو حسنین کو خون میں لت پت لاش پڑی ہوئی تھی، جس پر پولیس مددگار 15 پر اطلاع دی گئی۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں نوجوان کو قتل کیے جانے کا شبہ ہے، تاہم مقتول کے اطلاع کی آمد کے بعد مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کی جائے گی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر مقتول کی کسی سے دشمنی یا لین دین کا تنازع سامنے نہیں آیا۔ ادھر لیاری کے علاقے بغدادی، منصوبہ اسپتال کے قریب تیز دھار آلے کے وار سے زخمی ہونے والا 30 سالہ کامران ولد ابراہیم دوران علاج دم توڑ گیا۔ کامران کو زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق کامران نشے کا عادی تھا جبکہ تاحال اس کے لواحقین سامنے نہیں آئے۔ قانونی کارروائی کے بعد لاش چھیپا سردخانے منتقل کردی گئی ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 38

میں موثر و بروقت ردعمل کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف سکولوں اور کالجز میں منعقدہ آگاہی و تربیتی سرگرمیوں کے دوران طلبہ اور تعلیمی اداروں کے سٹاف کو فرسٹ ایڈ، فائر سیفٹی، ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل، انخلا کے محفوظ طریقہ کار اور دیگر حفاظتی اقدامات کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ آفات سے آگاہی کے اس پروگرام کو مدارس تک بھی وسعت دی گئی ہے، جہاں طلبہ میں "قدرتی آفات اور ماحولیاتی تبدیلیاں" کے موضوع پر تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد نوجوان نسل کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات، قدرتی آفات کے بڑھتے ہوئے خطرات اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے۔ آگاہی و تربیتی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ، اساتذہ اور عوام میں احتیاط، پیشگی تیاری، بروقت اور درست ردعمل، باہمی تعاون اور ذمہ دارانہ رویے کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، تاکہ کسی بھی قدرتی یا انسانی ساختہ آفت کی صورت میں جانی و مالی نقصانات کو کم سے کم کیا جاسکے۔ متعلقہ اداروں کی جانب سے شہریوں پر زور دیا جارہا ہے کہ وہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے بنیادی اصولوں سے آگاہی حاصل کریں، حفاظتی ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی ناگہانی صورتحال میں گھبراہٹ کے بجائے دانشمندی، احتیاط اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کریں۔ انچارج ڈی ڈی ایم مبشر مشتاق نے بتایا کہ "آفات سے آگاہی کا ہفتہ" محض ایک ہفتے تک محدود سرگرمی نہیں بلکہ ایک محفوظ، باخبر، ذمہ دار اور باہمت معاشرے کی تشکیل کی جانب اہم قدم ہے۔ آفات کو ہمیشہ روکا نہیں جاسکتا، تاہم بروقت آگاہی، موثر منصوبہ بندی، مناسب تیاری اور حفاظتی اقدامات کے ذریعے ان کے ممکنہ نقصانات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ پیغام "آگاہی" آفت سے پہلے تیاری، آفت کے وقت احتیاط اور بروقت ردعمل ہی محفوظ معاشرے کی ضمانت ہے۔"

بقیہ 39

متعلق مواد، 40 لیپ ٹاپ اور 41 موبائل فونز برآمد کرکے سیل کردیے گئے ہیں۔ این سی سی آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے الیکٹرانک آلات فرانزک جانچ کے لیے بھجوا دیے گئے ہیں جبکہ کال سینٹر کے مالی معاملات اور بیرونی روابط سے متعلق تحقیقات بھی جاری ہیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر کے مطابق کال سینٹر کے دیگر روپوش ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 40

پے مارے جارہے ہیں۔ ڈی ایس پی حاجی غلام مرتضیٰ ڈوگر نے ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری غضنفر بھٹی کے ہمراہ میڈیا کو بتایا کہ ملزم علی حمزہ افغانستان رو چکا ہے اس نے پہلے اپنے گھر پر فائرنگ کروا کر ماں باپ قتل کروا کے اب نارگٹ کلنگ کا رنگ دینا چاہا پھر دوبارہ گھر پر فائرنگ کروا کر خود کو شدید زخمی کیا دہشت گردی کا رنگ دینے کی کوشش کر کے پولیس سے حفاظتی اسکواڈ بھی مانگا۔ پولیس نے جدید طریقہ تفتیش استعمال کیا تو اہم انکشاف ہوگیا کہ سارہ ڈرامہ اسکا اپنا رچایا ہوا ہے۔ زخمی ملزم کو میو ہسپتال لاہور سے تھانہ لاکر تفتیش کی تو اس نے حقیقت سے پردہ اٹھاتے اپنے والدین کے قتل اور خود کو زخمی کرنے کا اعتراف کرلیا۔ ملزم کی اس سنگین واردات میں اسکے سالے بھی ملوث ہیں جنکی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جار ہے ہیں۔ انہوں نے مزید انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ ملزم کا باپ الیاس بھی 70 سے زائد قتل ڈکیتی اغواء کے مقدمات کا ریکارڈ یافتہ تھا پچھلے سال سی سی ڈی کیساتھ مقابلہ میں اسکی دونوں ٹانگیں ٹوٹ گئی تھیں اور روپوش تھا کہ بیٹے علی حمزہ کے ہاتھوں بیوی سمیت مارا گیا۔ دوہرے قتل کو ٹریس کرنے اور ملزم گرفتار کرنے پر ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے ڈی ایس پی مریدکے غلام مرتضیٰ ڈوگر اور ایس ایچ او تھانہ سٹی مریدکے چوہدری غضنفر بھٹی کو انعام تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 41

تر تعداد (80 فیصد) موٹر سائیکل حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روز ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 242 ڈرائیورز، 36 کم عمر ڈرائیور، 539 مسافر اور 213 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 283 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 353 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 98 حادثات میں 103 متاثرین کے ساتھ دوسرے، فیصل آباد 84 حادثات میں 99 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1694 متاثرین میں 1334 مرد اور 360 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونے والوں میں 265 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 913 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 516 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1586 موٹر سائیکلز، 96 آٹو رکشے، 160 کاریں، 34 ویں، 11 مسافر بسیں، 38 ٹرک اور 74 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں

بقیہ 42

ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے تحریک کی آئینی و قانونی جدوجہد جاری ہے، جبکہ بعض آئینی سقم کے باعث اہم معاملات ابھی تک مکمل طور پر حل طلب ہیں۔ صدر تحریک مولانا شبیر احمد کاشمیری نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے ایمان کا بنیادی جزو ہے، اس کے تحفظ کے لیے آزاد کشمیر کے علماء کو متحد ہوکر اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزرشلسوں کے حوالے سے درپیش مسئلے سمیت دیگر آئینی امور کے حل کے لیے بھی منظم، پرامن اور آئینی جدوجہد ضروری ہے۔ اجلاس میں شریک کشمیری علمائے کرام مولانا شفیق الرحمٰن، مفتی حکیم عباسی، مولانا سلیمان محمدی، مولانا یار محمد عثمانی اور مولانا امتیاز، امیر جمعیت ضلع اسلام آباد، نے تحریک تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کی دینی و آئینی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ علماء کرام نے کہا کہ تحفظ ختم نبوت کی چوکیداری ہمارے لیے صرف ایک ذمہ داری نہیں بلکہ عظیم اعزاز ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور اس سے متعلق آئینی و قانونی جدوجہد میں تحریک کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 43

ایک شخص مذاکرات میں لے کر آئیں، تاہم مذاکرات کاروں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو ہم پر اعتماد ہے۔ پہلے دن کی بات چیت کے بعد اپوزیشن رہنما پیچھے ہٹ گئے۔ ہمیں رات کو یقین دلایا گیا کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے معاملے پر اتفاق کرتی ہے، جس کے بعد وزیراعظم نے وزیر داخلہ سے کہا کہ اپوزیشن کو جتنی سیاسی اسپیس دی جاسکتی ہے، دی جائے۔ طلال چوہدری نے بتایا کہ وزیراعظم نے واضح کیا کہ ملک کی بہتری چاہیے، خواہ اس سے اپوزیشن کو سیاسی فائدہ بھی ہو تو کوئی مسئلہ نہیں، تاہم دہشت گردی کے معاملے پر 100 فیصد تعاون چاہیے۔ مذاکرات کے اگلے دن دہشت گردی کے معاملے پر مکمل اتفاق پایا جاتا تھا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ دوسرے روز پہلے ڈرافٹ میں تمام سیاسی معاملات پر اتفاق رائے ہوگیا تھا، اس ڈرافٹ میں بانی پی ٹی آئی کی صحت سمیت دیگر ایشوز بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں اسے میثاق جمہوریت تو کہوں گا، یہ ایک بہت بڑا بریک تھرو تھا۔ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور آرمی چیف روز جنازوں کو کندھا دیتے ہیں

بقیہ 44

کی کہ شہریوں کو بروقت اور موثر سروس ڈیلیوری، فوری ریسپانس اور بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، جبکہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر قانون اور میرٹ کے مطابق حل کیا جائے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ عوام کا اعتماد پولیس کے لیے سب سے اہم ہے، جس کے لیے ضروری ہے کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آیا جائے۔ انہوں نے افسران و جوانوں کو ہدایت کی کہ تھانے آنے والے ہر شہری کو بروقت رہنمائی اور موثر پولیس سروس فراہم کی جائے۔ مزید برآں، اسلام آباد پولیس کے مختلف ڈویژنز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس سلسلے میں فرض شناسی، پیشہ ورانہ مہارت، محنت اور عوامی خدمت میں نمایاں کردار ادا کرنے والے افسران و جوانوں کو تعریفی اسناد سے نوازا جارہا ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ بہترین کارکردگی کو سراہنا اور افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی ان کے جذبہ خدمت کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و جوان محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں، جبکہ ان کی حوصلہ افزائی سے دیگر افسران بھی مزید محنت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ انداز میں فرائض انجام دینے کے لیے متحرک ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بروقت ریلیف، بہترین سروس ڈیلیوری اور موثر پولیسنگ کی فراہمی اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ اسلام آباد پولیس میں اچھی کارکردگی کو سراہنے اور عوامی خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دینے کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 45

گروپ اور پوتھ گل کے مابین ہوا۔ واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی پھیل گئی جبکہ سونے کی کان کنی کے معاملے پر پیدا ہونے والے تنازعات کے باعث مقامی سطح پر امن و امان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا جارہا ہے۔ شکر درہ اور رحمن آباد کے علاقوں میں دریائے سندھ کے کنارے سونے کی مبینہ غیر قانونی کان کنی کے دوران مختلف مقامی فریقین کے درمیان تنازعات اور فائرنگ کے واقعات پہلے بھی پیش آتے رہے ہیں۔ گزشتہ ماہ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ کے قافلے پر بھی اس وقت مسلح افراد نے فائرنگ کی تھی جب وہ سرچ آپریشن کے سلسلے میں علاقے میں گئے تھے۔ مقامی ذرائع کے مطابق کوہاٹ کی حدود میں دریائے سندھ کے کنارے سونے کی مبینہ غیر قانونی کان کنی کے دوران باہمی تنازعات اور فائرنگ کے مختلف واقعات میں اب تک متعدد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جس کے باعث علاقے میں امن و امان کی صورتحال پر تشویش بڑھ رہی ہے۔

بقیہ 46

قتل بیرا ہے۔ قابض فوجیوں کو مختلف علاقوں میں زمینوں کی الاٹمنٹ اور غیر کشمیریوں کو بڑے پیمانے پر ڈومیسائل کا اجراء اسی نوآبادیاتی منصوبے کا حصہ ہے، جس کا مقصد کشمیریوں کو ان کی اپنی سرزمین میں اقلیت میں تبدیل کرنا ہے۔ حریت رہنماؤں نے کہا کہ لاکھوں بھارتی فوجیوں کی تعیناتی، مسلسل پابندیوں، گرفتاریوں اور ریاستی جبر کے باوجود بھارت کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو کمزور کرنے میں بری طرح ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام بھارتی تسلط سے آزادی سے کم کوئی چیز قبول نہیں کریں گے

Scanned with CamScanner

مذاکرات حکومت کی توقع ہے پونچھ نگران کو طاقت نہیں مذاکرات سے حل کریگی، لیاقت بلوچ ڈاکٹر مشتاق

عوام کے جائز مطالبات کو تسلیم کرنا اور خطے میں امن و استحکام کو برقرار رکھنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے

ہندوستان طاقت کی بنیاد پر کشمیریوں کو غلام نہیں رکھ سکتا آزاد کشمیر کے اندر بھرانی سورتحال سے تحریک آزادی متاثر ہو رہی ہے

اسلام آباد (خبرنگار) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ اور جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی نئی حکومت سے توقع ہے کہ وہ جلد پونچھ کے بحران کو طاقت کے بجائے نتیجہ خیز مذاکرات کے ذریعے حل کرے گی، عوام کے جائز مطالبات کو تسلیم کرنا اور خطے میں امن و استحکام کو برقرار رکھنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے، 25 کروڑ پاکستانی سیج آزادی تک کشمیریوں کے شانہ بشانہ رہیں گے ہندوستان طاقت کی بنیاد پر کشمیریوں کو غلام نہیں رکھ سکتا آزاد کشمیر کے اندر بھرانی سورتحال سے تحریک آزادی کشمیر بُرے طریقے سے مالی سطح پر متاثر ہو رہی ہے حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جائز مطالبات پورے کرے اور آزاد کشمیر کے اندر پیدا شدہ بحران کو ختم کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



دبئی پاکستان کے ایشیا بزنس شخصیت علی خان اے آئی او ر ہتھنگ گلوبل میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر رہے ہیں

سیاسی استحکام کے بغیر ترقی و خوشحالی ممکن نہیں، علامہ ریاض الرحمن صدیقی

ملکی استحکام کے لیے سیاسی قیادت مکالے کا راستہ اپنائے، ضلعی صدر سنی تحریک راولپنڈی

ذاتی و جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، علامہ قاسم محمود موہڑوی

راولپنڈی (پ ر) پاکستان سنی تحریک ضلع راولپنڈی کے صدر علامہ ریاض الرحمن صدیقی نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام کے بغیر ترقی و خوشحالی ممکن نہیں، ملکی استحکام کے لیے سیاسی قیادت کو مکالمے کا راستہ اپنانا چاہیے اور ذاتی و جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو اولین ترجیح دینی چاہیے، اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے، مگر یہ اختلاف دشمنی میں نہیں بدلنا چاہیے پاکستان اس وقت ایک نازک مگر امکانات سے بھرپور دور سے گزر رہا ہے، اس لیے قوم کو مایوسی کے بجائے اتحاد، برداشت اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جڑواں شہروں کے عہدیداران اور رابطہ کمیٹی کے اراکین کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری علامہ قاسم محمود موہڑوی، سید حمید گیلان شاہ نقوی، حاجی نوشہ مہدی رضوی، ہاشم شیر قادری، بابر جمشید قادری، حافظ یاسر دین علی پختی اور سید فاروق حیدر شاہ سمیت دیگر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



قدرتی آفات اور زلزلے کی کیفیت میں ریسکیو سرگرمیوں کے حوالہ سے آگاہی مہم۔

راولپنڈی میں کرکٹ سیریز، 6 ہزار پولیس افسران سیکورٹی و ٹریفک ڈیوٹی پر تعینات

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سی پی او محسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر کرکٹ سیریز اور پیٹرن سیمپن کے لیے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے تقریباً 6 ہزار افسران و اہلکار سکیورٹی اور ٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کرکٹ سیریز، پریکٹس سیشن، سی پی او محسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

عوام مطمئن رہیں ڈیال کو ماڈل شہر بنایا جائیگا، طلبہ کو لیپ ٹاپ ملیں گے، چوہدری طلال

ڈیال میں ترقیاتی کاموں کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور شہریوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کی جائے گی۔

ڈیال کو ماڈل شہر بنانے کا مقصد شہریوں کو بہتر ماحول، جدید سہولیات اور باعزت طرز زندگی کی فراہمی ہے

مڈلینڈ (نامہ نگار) صدر مسلم لیگ ن مڈلینڈ یو کے آزاد کشمیر چوہدری طلال شکیل نے کہا ہے کہ عوام مطمئن رہیں پنجاب کی طرز پر ڈیال میں ترقیاتی کام ہونگے اور ڈیال کو ماڈل شہر بنایا جائے گا، سکولوں اور کالجز میں بچے نوجوانوں کو لیپ ٹاپ ملیں گے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر آزاد کشمیر میں بھی مثالی کام ہونگے، بلدِ عوام کو عوامی حکومت کے ثمرات ملیں گے، میاں نواز شریف قوم کا سرمایہ ہے ہمیشہ آزاد کشمیر کو جارحی بجٹ دیا اور آزاد کشمیر میں تاریخی کام ہوئے، وزیر اعظم شہباز شریف کا خصوصی شکریہ ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کو خوشحال بنانا ہے، چوہدری محمد شکیل نے کہا کہ ڈیال میں ترقیاتی کاموں کا دائرہ وسیع کیا جائے گا اور شہریوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈیال کو ایک ظاہر ماڈل، منظم اور جدید شہر بنانے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لانے کی کوشش کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)



قدرتی آفات اور زلزلے کی کیفیت میں ریسکیو سرگرمیوں کے حوالہ سے آگاہی مہم۔

آفات سے آگاہی کا ہفتہ، ممبر مین سیمینار، تربیتی نشستیں، عملی مشق جاری

محفوظ اور باہمت معاشرے کی تشکیل کے لیے طلبہ، اساتذہ اور عوام کو آفات سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت دی جارہی ہے

نوجوان نسل کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے

ممبر (نمائندہ خصوصی) یکم تا 8 اکتوبر "آفات سے آگاہی کا ہفتہ" منایا جارہا ہے۔ ضلع ممبر میں آگاہی و تربیتی سرگرمیاں جاری، محفوظ اور باہمت معاشرے کی تشکیل کے لیے طلبہ، اساتذہ اور عوام کو آفات سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت دی جارہی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے اور ڈپٹی کمشنر ممبر مظفر آباد ہمایوں بشیر کی نگرانی میں گھڑی پان میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جارہا ہے۔



آٹھ اکتوبر 2005 کے المناک زلزلے کی یاد اور قدرتی و غیر قدرتی آفات سے بچاؤ واک کی جارہی ہیں

جہانیاں کے عوام نے مجھے ہمیشہ بے پناہ محبت اور عزت دی، جاوید ہاشمی

جہانیاں کو تحصیل کا درجہ دلوانا، بوائز و گرلز ڈگری کالجز کا قیام اور ہر دیہات تک بجلی کی فراہمی سمیت بائی سکولوں کا اجراء میرے ہی کارنامے ہیں

بعد آنے والے نمائندوں اور حکمرانوں نے جہانیاں کی ترقی و خوشحالی کے لیے کوئی خاطر خواہ کام نہیں کیا، سینئر سیاستدان کی جہانیاں میں گفتگو

جہانیاں (خصوصی رپورٹر) جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے، یہاں کے عوام نے مجھے ہمیشہ بے پناہ محبت اور عزت دی، شاہ پوال تا نور محمد والی روڈ کی تعمیر اور جہانیاں کو تحصیل کا درجہ دلوانا ہمارے دور کا اہم ترین کیس ہے، یہ بستی سے بعد میں آنے والوں نے شہر کی ترقی پر توجہ نہ دی جس سے علاقہ کے بچے، روجھان مزاری اور پاسیوں سے ان کی دلی جہانیاں کے پک 113 دس آر میں چوہدری ظفر حیات محمد کی رہائش گاہ پر تنظیم چوہدری انجم مرحوم کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی تحصیل کے مطابق سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ جہانیاں ان کا دوسرا گھر ہے، جہاں کے گلی کوچوں، محلوں اور باسیوں سے ان کی دلی شناسائی ہے۔ جہانیاں کے خیور اور باوفا شہریوں نے انہیں تین مرتبہ ممبر قومی اسمبلی منتخب کر کے ایوان میں بھیجا اور ہم نے بھی اپنے دور میں حلقے کی تعمیر و ترقی کے لیے ریکارڈ توڑ پراجیکٹس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان کا تجارتی خسارہ پہلی سہ ماہی میں 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

درآمدات میں 3 1.1 2 فیصد اضافہ، برآمدات 0 4.1 8 فیصد بڑھیں

بڑھتا تجارتی خسارہ بیرونی تجارت کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے، میاں زاہد حسین

کراچی (خصوصی رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹیلیکچوئل فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر محمد فیصل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف بی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق سوہائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں برآمدات میں 84.10 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، تاہم درآمدات میں 21.13 فیصد اضافے کے باعث تجارتی خسارہ 13.15 فیصد بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے، بالائر تجارتی خسارہ بیرونی تجارت کے توازن کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے۔ انہوں نے جولائی تا ستمبر 2026 کے تجارتی اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس عرصے میں برآمدات 42.8 ارب ڈالر رہیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں برآمدات تقریباً 60.7 ارب ڈالر تھیں۔ اسی طرح درآمدات بڑھ کر 21.19 ارب ڈالر ہوگئیں، جو گزشتہ سال کی پہلی سہ ماہی میں 97.16 ارب ڈالر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ٹیکسلا، خاتون نک ٹاک کرنے تھانے میں گھس کر فائرنگ کر کے پولیس افسر کو زخمی کر دیا

ٹیکسلا (خصوصی رپورٹر) ٹیکسلا میں پولیس کی جانب سے درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق ایک مشتعل خاتون برہان پولیس اسٹیشن میں داخل ہوئیں اور مبینہ طور پر ڈیوٹی پر موجود ہیڈ کانسٹیبل پر فائرنگ کر دی۔ پولیس اسٹیشن کے عہدار ہیڈ کانسٹیبل حبیب اللہ نے اپنی شکایت میں مذکورہ خاتون (جو کہ ایک نک ٹاک کریٹر) پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے تھانے کی عمارت کے اندر انہیں قتل کرنے کی کوشش کی۔ ایف آئی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

آٹھ اکتوبر 2005 کے المناک زلزلے کی یاد اور قدرتی و غیر قدرتی آفات سے بچاؤ واک کی جارہی ہیں

جہانیاں کے عوام نے مجھے ہمیشہ بے پناہ محبت اور عزت دی، جاوید ہاشمی

جہانیاں کو تحصیل کا درجہ دلوانا، بوائز و گرلز ڈگری کالجز کا قیام اور ہر دیہات تک بجلی کی فراہمی سمیت بائی سکولوں کا اجراء میرے ہی کارنامے ہیں

بعد آنے والے نمائندوں اور حکمرانوں نے جہانیاں کی ترقی و خوشحالی کے لیے کوئی خاطر خواہ کام نہیں کیا، سینئر سیاستدان کی جہانیاں میں گفتگو

جہانیاں (خصوصی رپورٹر) جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے، یہاں کے عوام نے مجھے ہمیشہ بے پناہ محبت اور عزت دی، شاہ پوال تا نور محمد والی روڈ کی تعمیر اور جہانیاں کو تحصیل کا درجہ دلوانا ہمارے دور کا اہم ترین کیس ہے، یہ بستی سے بعد میں آنے والوں نے شہر کی ترقی پر توجہ نہ دی جس سے علاقہ کے بچے، روجھان مزاری اور پاسیوں سے ان کی دلی جہانیاں کے پک 113 دس آر میں چوہدری ظفر حیات محمد کی رہائش گاہ پر تنظیم چوہدری انجم مرحوم کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی تحصیل کے مطابق سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ جہانیاں ان کا دوسرا گھر ہے، جہاں کے گلی کوچوں، محلوں اور باسیوں سے ان کی دلی شناسائی ہے۔ جہانیاں کے خیور اور باوفا شہریوں نے انہیں تین مرتبہ ممبر قومی اسمبلی منتخب کر کے ایوان میں بھیجا اور ہم نے بھی اپنے دور میں حلقے کی تعمیر و ترقی کے لیے ریکارڈ توڑ پراجیکٹس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان کا تجارتی خسارہ پہلی سہ ماہی میں 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

درآمدات میں 3 1.1 2 فیصد اضافہ، برآمدات 0 4.1 8 فیصد بڑھیں

بڑھتا تجارتی خسارہ بیرونی تجارت کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے، میاں زاہد حسین

کراچی (خصوصی رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹیلیکچوئل فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر محمد فیصل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف بی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق سوہائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں برآمدات میں 84.10 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، تاہم درآمدات میں 21.13 فیصد اضافے کے باعث تجارتی خسارہ 13.15 فیصد بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے، بالائر تجارتی خسارہ بیرونی تجارت کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے۔ انہوں نے جولائی تا ستمبر 2026 کے تجارتی اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس عرصے میں برآمدات 42.8 ارب ڈالر رہیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں برآمدات تقریباً 60.7 ارب ڈالر تھیں۔ اسی طرح درآمدات بڑھ کر 21.19 ارب ڈالر ہوگئیں، جو گزشتہ سال کی پہلی سہ ماہی میں 97.16 ارب ڈالر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



مظفر آباد۔ اسسٹنٹ کمشنر مظفر آباد ہمایوں بشیر کی نگرانی میں گھڑی پان میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جارہا ہے۔

آفات سے آگاہی کا ہفتہ، ممبر مین سیمینار، تربیتی نشستیں، عملی مشق جاری

محفوظ اور باہمت معاشرے کی تشکیل کے لیے طلبہ، اساتذہ اور عوام کو آفات سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت دی جارہی ہے

نوجوان نسل کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے

ممبر (نمائندہ خصوصی) یکم تا 8 اکتوبر "آفات سے آگاہی کا ہفتہ" منایا جارہا ہے۔ ضلع ممبر میں آگاہی و تربیتی سرگرمیاں جاری، محفوظ اور باہمت معاشرے کی تشکیل کے لیے طلبہ، اساتذہ اور عوام کو آفات سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت دی جارہی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے اور ڈپٹی کمشنر ممبر مظفر آباد ہمایوں بشیر کی نگرانی میں گھڑی پان میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا جارہا ہے۔

کشمر بھمبر کی ہدایات پر ضلع بھمبر میں یکم تا 8 اکتوبر "آفات سے آگاہی کا ہفتہ" بھرپور انداز میں منایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (DDMA)، ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام مختلف تعلیمی اداروں میں آگاہی سیمینارز، تربیتی نشستوں اور عملی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ آفات سے آگاہی و نمٹنے کے حوالے سے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ اساتذہ اور معاشرے کے مختلف طبقات میں قدرتی و انسانی سانحہ آفات کے ممکنہ خطرات، حفاظتی تدابیر، پیشگی تیاری اور ہنگامی صورتحال (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



تحریک تحفظ ختم نبوت آزاد کشمیر کے سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا محمد سلیم اعجاز و دیگر خطاب کر رہے ہیں

بھارت طاقت کے استعمال سے کشمیریوں کے جذبہ حریت کو کمزور نہیں کر سکتا، قائدین حریت

کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت کے حصول تک جدوجہد جاری رکھیں گے، یوسف نسیم، شمیم شال، انجینئر مشتاق محمود

بھارت متبوضہ کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے اور کشمیریوں کی زمینوں پر قبضہ کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، شفیع ڈار

اسلام آباد (کے ایم پی ایس) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں و کشمیر شاخ نے کہا ہے کہ بھارت بدترین تشدد، طاقت کے دیگر حربوں کے ذریعے کشمیری عوام کے پُرامن حریت کو ہرگز کمزور نہیں کر سکتا، کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت کے حصول تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے رہنماؤں سید یوسف نسیم، شمیم شال، انجینئر مشتاق محمود، مشتاق احمد بٹ، سید گلزار احمد اور محمد شفیع ڈار نے اسلام آباد میں جاری ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ بھارت غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر پر اپنے فوجی تسلط کو برقرار رکھنے کے لیے آئے روز فائرنس فوجیوں کی تعداد میں اضافہ کر رہا ہے، جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اسرائیلی طرز پر متبوضہ جموں و کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے اور کشمیریوں کی زمینوں پر قبضہ کرنے کی پالیسی پر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز کی کھلی کچہریاں، شہریوں کے مسائل سنے

شہریوں کے مسائل براہ راست سن کر ان کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفاتر میں کھلی کچہریاں منعقد کر کے شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل اور بچھڑے بچوں کو اپنوں سے ملانے کے لیے پرعزم ہے۔ اس سلسلہ میں وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل کو یقینی بنا رہی ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد پولیس میں افسران و جوانوں کیلئے اقدامات جاری

محمد صہیب طاہر کا شاہ فیصل شہید میس ہال کا دورہ، ترقیاتی کاموں اور سہولیات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد پولیس میں افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود، مسائل کے فوری حل اور سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی آئی جی لاء اینڈ آرڈر ایڈمن/ ٹریننگ/ ڈی جی سیف سٹی محمد صہیب طاہر نے شاہ فیصل شہید میس ہال کا دورہ کیا، میس ہال میں جاری ترقیاتی کاموں، تزئین و آرائش، تعمیر و مرمت، صفائی ستھرائی اور دیگر سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو کام کے معیار اور بروقت تکمیل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ایس ایس پی آپریشنز کا جوڈیشل کمپلیکس اور اولڈ کچہری کا دورہ

پوائنٹ وائز ڈیوٹیز چیک، فول پروف سیکورٹی کے حوالے سے ہدایات دیں

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے جوڈیشل کمپلیکس اور اولڈ کچہری کا دورہ کیا، جہاں ایس ایس پی آپریشنز نے پوائنٹ وائز ڈیوٹیز کو چیک کیا اور فول پروف سیکورٹی کے حوالے سے ہدایات دیں۔ ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے جوڈیشل کمپلیکس اور اولڈ کچہری کا دورہ کیا اور فول پروف سیکورٹی کے حوالے سے ہدایات دیں، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عدالتوں میں پیشی پر لاتے اور واپس لے جاتے وقت ایس اوپیز پر مکمل آمد کو یقینی بنایا جائے، اضافی کچہری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی، 1 1 سالہ لڑکے سے زیادتی، 2 ملزمان گرفتار

کوجر خان پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو اشتہاری گرفتار کر لئے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) تھانہ بکری پولیس نے 11 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 11 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزمان نے اس کے بیٹے سے زیادتی کی، بکری پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا، متاثرہ بچے کا میڈیکل بورڈ کروایا گیا ہے۔ ایس پی صدر اعظم شیر نے کہا کہ خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں۔ راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



مظفر آباد، ڈپٹی کمشنر مظفر آباد ثاقب مجید رابہ شکایت آفس پر قیات اولڈ سیکرٹریٹ میں چھاپے کے دوران انکوائری کر رہے ہیں

سونے کی مبینہ غیر قانونی کان کنی، فریقین میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوہاٹ (خصوصی رپورٹر) کوہاٹ کی تحصیل لاچی کے دور افتادہ علاقے شکر درہ میں سونے کی مبینہ غیر قانونی کان کنی کے تنازع پر دو مقامی فریقین کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا، ذرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں ظفر نامی شخص جاں بحق ہوا جس کا تعلق کوہاٹ کے نواحی علاقے سماری سے بتایا جاتا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق فائرنگ کا تبادلہ ناصر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

آئی جی اسلام آباد کا تھانہ سنبل کا دورہ

سیکورٹی انتظامات، سہولیات اور SIPS پروڈکولز کا جائزہ لیا

شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے تھانہ سنبل کا دورہ کر کے سیکورٹی انتظامات، سہولیات اور SIPS پروڈکولز کا جائزہ لیا، تمام افسران کو شہریوں کے تحفظ، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آنے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد نے تھانے کی تعمیر، تعینات افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور تھانے کی مجموعی کارکردگی، سیکورٹی امور اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سہولیات سے متعلق بریفنگ لی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



اسلام آباد: شاہراہ پر ٹریفک جام کا منظر

اس بار غلط فہمی ایسی دور ہوگی کہ پھر ملک میں مارچ نہیں ہوگا، چوہدری طلال

مذاکرات میں بریک تھرو ہو چکا تھا، تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں

بات چیت میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی، سوشل میڈیا کی تنقید کے زیر اثر آتے ہیں، وزیر مملکت کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں 1/2 بریک تھرو ہو چکا تھا، تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور سوشل میڈیا کی تنقید کے زیر اثر آتے ہیں۔ مذاکرات کے پہلے دن حکومت کی جانب سے وزیر داخلہ نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا تھا۔ پہلے دن اس معاملے پر اتفاق ہوا اور دہشت گردی سے متعلق تمام بات چیت ہوئی۔ مذاکرات میں شامل کچھ لوگوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے جا کر بات کی اور اگلے روز فیصلہ واپس آئی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دن بات چیت شروع ہونے سے قبل وزیر داخلہ نے فون کر کے کہا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت کا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

7 سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی پولیس نے 7 سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق باغی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 سالہ بچے سے زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے اس کے بیٹے سے زیادتی کی، باغی پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان نے اس کے بیٹے سے زیادتی کی، پکڑی پولیس نے شہری کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا، متاثرہ بچے کا میڈیکل بورڈ کروایا گیا ہے۔ ایس پی صدر اعظم شیر نے کہا کہ خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ایس ایس پی انوسٹیگیشن کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سنیں

ملک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سید اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سید اللہ کا پولیس لائنز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن سید اللہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

منظر آباد، ڈی جی خیبر پختونخوا کیپٹل ایجنسی فیضان خان مغل کا کوچ گھاس کٹائی پر استقبال کیا جارہا ہے

5 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

حضرو، آسمانی بجلی گرنے سے 2 2 سالہ نوجوان جاں بحق

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 15 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ مورگاہ، صدر واہ اور گوجر خان کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈی پی او اٹک یاسر کیانی نے کہا کہ علاقوں اور نہاتا ظاہر کرنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، تفصیل حضرو کے علاقے لارنسپور ترپیارہ روڈ پر آسمانی بجلی گرنے سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا، تفصیلات کے مطابق تفصیل حضرو کے علاقے لارنسپور ترپیارہ روڈ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کراچی میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، نوجوان بابر کے قتل کا شبہ

نیو کراچی میں 21 سالہ بابر کی گلا کٹی لاش ملی، لیاری میں زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا

کراچی (خصوصی رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ اسکن آباد میں پولیس افسر کی اہلیہ کی پھندا لگی لاش گھر سے برآمد ہوئی، نیو کراچی میں نوجوان بابر کی گلا کٹی لاش ملی جبکہ لیاری میں تیز دھار آلے کے وار سے زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا۔ سائٹ سپر ہائی وے تھانے کی حدود اسکن آباد، سعید پلازہ میں گھر سے 36 سالہ ثانیہ زوجہ علی اکبر کی پھندا لگی لاش ملی۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور قانونی کارروائی کے بعد لاش مبینہ پوسٹ مارٹم کے لیے سول اسپتال منتقل کر دی، جہاں لاش کا پوسٹ مارٹم کیا گیا۔ متوفیہ کے شوہر سب انسپکٹر علی اکبر نے پولیس کو بتایا کہ ثانیہ سے ان کی دوسری شادی تھی اور وہ ذہنی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



ڈی جی سمری تقاریر عباس شی